رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) — 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) — PAPER CODE = 6023 — کل نمبر : 20

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔1 | ان میں سے تلمیح ہے : | (A) گُلِ سرخ | (B) قطرۂ شبنم | (C) محمود و ایاز | (D) دردِ دل |
| 2 | تلمیح کس علم کا رکن ہے : | (A) علم بیان | (B) علم بدیع | (C) علم صرف | (D) علم نحو |
| 3 | اس قلم ۔۔۔ نب خراب ہے : | (A) کی | (B) کے | (C) کا | (D) کیں |
| 4 | ''پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار'' ۔۔۔ حرفِ تشبیہ ہے : | (A) پھول | (B) صحرا | (C) یا | (D) پریاں |
| 5 | مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا ۔۔۔ : | (A) کیا | (B) کی | (C) کیں | (D) کیے |
| 6 | جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے، اسے کہتے ہیں : | (A) وجہ شبہ | (B) حرفِ تشبیہ | (C) غرضِ تشبیہ | (D) طرفین تشبیہ |
| 7 | دوستوں کے ساتھ دغا نہیں ۔۔۔ : | (A) کرنا چاہیے | (B) ہونا چاہیے | (C) کرنی چاہیے | (D) کرنے چاہئیں |
| 8 | خالد نے ٹکٹ خرید ۔۔۔ : | (A) لی ہے | (B) لیں | (C) رکھی ہے | (D) لیا ہے |
| 9۔1 | ''گلی میں نکلا چاند۔۔۔'' استعارہ کی نشان دہی کیجیے : | (A) گلی | (B) میں | (C) نکلا | (D) چاند |
| 10 | دوستوں نے مل کر رات بھر تاش ۔۔۔ : | (A) کھیلا | (B) کھیلی | (C) دیکھی | (D) دیکھیں |
| 11 | قافیہ کے معانی ہیں : | (A) ہو بہو | (B) ہم آواز | (C) رنگا رنگ | (D) ہم شکل |
| 12 | بُصریٰ کے کارواں سالار کی مثالیں ڈھونڈو، اگر : | (A) واعظ اور ناصح ہو | (B) سفری کاروبار میں ہو | (C) فاتح ہو | (D) منصف ہو |
| 13 | غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا : | (A) پہلا شعر | (B) دوسرا شعر | (C) مطلع | (D) حسن مطلع |
| 14 | حضرت قمر نے اپنی نظم میں زندگی کو تشبیہ دی : | (A) طوفان سے | (B) عقاب سے | (C) باغ سے | (D) میلے سے |
| 15 | حسنِ مطلع پایا جاتا ہے : | (A) مطلع سے پہلے | (B) مطلع کے درمیان | (C) مطلع کے آغاز میں | (D) مطلع کے بعد |
| 16 | مرزا غالبؔ کے بقول نواب مصطفیٰ خاں کے معالج تھے : | (A) حکیم پٹیالے والے | (B) حکیم اجمل خاں | (C) گورداس پور کے حکیم | (D) احسن اللہ خاں |
| 17 | جو لفظ ہو بہو دہرائے جائیں، کہلاتے ہیں : | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) قافیہ | (D) ردیف |
| 18 | سرسید کے بقول پانی خود آ جاتا ہے : | (A) پنسال میں | (B) جگ میں | (C) دریاؤں میں | (D) تالاب میں |
| 19 | ''کیوں سنے عرضِ مضطرب مومنؔ صنم آخر خدا نہیں ہوتا'' یہ شعر اصطلاح میں ہے : | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) مطلع ثانی | (D) حسنِ مطلع |
| 20 | نوجوان سیمنٹ کی بنچ پر بیٹھا غور سے دیکھ رہا تھا : | (A) بچوں کو | (B) زن و مرد کو | (C) قالین فروش کو | (D) ٹیکسی والے کو |

1-224-I-(Objective Type)-28500 (6023)


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2022-2020 تا 2025-2023)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔ا) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار
خواہاں تھے زیب گلشن زہرؑا جو آب کے شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر مجھ کو وہ میرے نام سے ، پہچان تو گیا
بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل مرا گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا
ہوش وحواس و تاب وتواں ، داغ ! جا چکے اب ہم بھی جانے والے ہیں، سامان تو گیا

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) ایک نہایت عاجز ومسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بےلگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک ، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

3۔ (ب) کلکتہ کے فساد کے حالات اخبار میں پڑھے تھے آج مزید حالات پڑھے۔ خداتعالیٰ مسلمانوں پر فضل کرے۔ مجھے بھی کلکتہ سے بلاوا آیا تھا اور میں جانے کو قریباً تیار بھی تھا مگر جب مطبوعہ خط کا مضمون والدِ مکرم کو سنایا تو انھوں نے فرمایا کہ حکام غالبًا یہ جلسہ بند کر دیں گے۔ بعد میں ایسا ہی ہوا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ : (الف) اوورکوٹ ۔ (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا ۔ 9,1

5۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم ”تسلیم ورضا“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دوخواتین کے درمیان ٹیلی ویژن ڈراموں کے معیار پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجیے۔ 10

یا

یوم آزادی کی تقریب کی رُوداد قلمبند کیجیے۔

7۔ کمشنر کے نام پبلک لائبریری کے قیام کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

رشوت ہمارے معاشرے کا مہلک مرض ہے۔ یہ سرطان سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اس نے عدل وانصاف کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا ہے۔ جس نے تمام محکموں کو اپاہج بنا کر رکھ دیا ہے۔ بیس کروڑ انسان فائلوں تلے سسک رہے ہیں۔ کمیشن جیسی اصطلاح نے رشوت کو ایسا لبادہ اوڑھا دیا ہے کہ لوگ اسے اپنا حق سمجھ کر وصول کر رہے ہیں۔ ”رشوت“ راتوں رات امیر بننے کی حسرت کا نتیجہ ہے۔ یہ مقابلے کا دور ہے اور یہ مقابلہ، مال ودولت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا مقابلہ ہے۔ رشوت کے راستے اس دوڑ میں آگے بڑھنے کا نتیجہ دنیا میں معاشرتی اور اخلاقی اقدار کی تباہی اور آخرت میں دوزخ کا ایندھن بننے کے سوا کچھ نہیں۔

1-224-I-(Essay Type)-114000


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6028 کل نمبر : 20

pakcity.org

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ''اسرارِخودی'' کا عربی میں ترجمہ کرانا چاہتا تھا : | (A) ایک عرب | (B) ایک ہندوستانی | (C) ایک انگریز | (D) ایک جرمن |
| 2 | ''مقطع'' کے لغوی معنی ہیں : | (A) چھپنے کی جگہ | (B) بیٹھنے کی جگہ | (C) مل جانے کی جگہ | (D) کٹ جانے کی جگہ |
| 3 | غزل کے اشعار میں قافیے کا استعمال ہے : | (A) لازمی | (B) غیرضروری | (C) کوئی پابندی نہیں | (D) بے فائدہ |
| 4 | مشتاق احمد یوسفی نے ''طائرلاہوتی'' کے الفاظ استعمال کیے : | (A) مرغیوں کے لیے | (B) عقاب کے لیے | (C) کبوتر کے لیے | (D) کرگس کے لیے |
| 5 | لاہور کی ''انجمن'' نے مولانا گرامی کو لاہور آنے کی دعوت دی: | (A) انجمن خدام ملت | (B) انجمن پنجاب | (C) انجمن حمایت اسلام | (D) انجمن خدام الدین |
| 6 | زھراوی کے عہد میں مغرب کی عظیم یونی ورسٹی تھی : | (A) قرطبہ یونی ورسٹی | (B) آکسفورڈ یونی ورسٹی | (C) علی گڑھ یونی ورسٹی | (D) اسلامک یونی ورسٹی |
| 7 | ''حسنِ مطلع'' آتا ہے : | (A) اصل مطلع سے پہلے | (B) اصل مطلع کے بعد | (C) غزل کے درمیان میں | (D) غزل کے آخر میں |
| 8 | ردیف ۔۔۔ زبان کا لفظ ہے : | (A) ہندی | (B) فارسی | (C) اُردو | (D) عربی |
| 9-1 | ہوبہو دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں : | (A) قافیہ | (B) ردیف | (C) تحریف | (D) تہذیب |
| 10 | حضرت قمر کو تقریب میں ''سبق'' ملا : | (A) ادب لکھنا ضروری ہے | (B) ادبی خدمت پوری عبادت ہے | (C) ادب محنت سے پیدا ہوتا ہے | (D) ادب بغیر لالچ کے پیدا ہوتا ہے |
| 11 | تشبیہ کے لیے لازم ہے : | (A) مشترک آواز | (B) مشترک صفت | (C) مشترک لفظ | (D) مشترک بناوٹ |
| 12 | بچوں کو طیش آ ۔۔۔ : | (A) گئی | (B) گیا | (C) گئے | (D) گئیں |
| 13 | استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے : | (A) مجاز پر | (B) حقیقت پر | (C) ظاہریت پر | (D) داخلیت پر |
| 14 | زندگی کمپیوٹر ۔۔۔ نہیں : | (A) مانند | (B) جیسے | (C) جیسا | (D) جیسی |
| 15 | تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے : | (A) دو | (B) تین | C) چار | (D) پانچ |
| 16 | نیک لوگوں کو فردوس ملے ۔۔۔ : | (A) گا | (B) گی | (C) گے | (D) گیں |
| 17 | ''میرا چاند آگیا'' اس میں وجہِ جامع ہے : | (A) چاند | (B) خوب صورتی | (C) بیٹا | (D) آگیا |
| 18 | ایسی باتوں سے رعب ختم ہو ۔۔۔ ہے : | (A) جاتی | (B) جاتا | (C) جاتے | (D) جاتیں |
| 19 | جنوری کے بعد فروری ۔۔۔ ہے : | (A) آتی | (B) آتیں | (C) آتا | (D) آتے |
| 20 | ''اناالحق'' ہے : | (A) استعارہ | (B) تلمیح | (C) تشبیہ | (D) وجہ تشبیہ |

2-224-II-(Objective Type)-27000 (6028)


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

یہ استقلال کا پرچم ہے ، استحکام کا پرچم شہیدوں غازیوں کے ہاتھ سے ، انعام کا پرچم

ہلالی خنجر ، انگشتِ شہادت کا اشارا ہے یہ سیف اللہ کا پر تو ، فلک پر آشکارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ورق الٹیے)

3۔ (ب) ایک اور سنگین غلط فہمی جس میں خواص و عوام مبتلا ہیں اور جس کا ازالہ میں رفاہِ عام کے لیے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں، یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے اور ٹاپے میں رہتی ہیں۔ میرے ڈیڑھ سال کے مختصر مگر بھرپور تجربے کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں اپنے ورود و نزول کا ناقابلِ تردید ثبوت چھوڑ جاتی ہیں۔ ان آنکھوں نے بارہا غسل خانے سے انڈے اور کتابوں کی الماری سے جیتے جاگتے چوزے نکلتے دیکھے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ : (الف) سفارش ۔ (ب) ابوالقاسم زہراوی ۔ 9,1

5۔ سید محمد جعفری کی نظم ’’ ایبسٹریکٹ آرٹ ‘‘ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو طالب علموں کے درمیان شجرکاری کی اہمیت کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں منعقد ہونے والی انسداد منشیات تقریب کی رُوداد قلمبند کیجیے۔

7۔ پرنسپل صاحب کے نام مالی امداد کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اُس کی ماں ہے سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی کی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت اِن کے سامنے وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طریقے پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھر میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

2-224-II-(Essay Type)-108000



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

pakcity.org

Objective
Paper Code
6027

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | استعارہ لفظ ہے: | ہندی | اُردو | عربی | فارسی |
| 2 | استعارہ ہے: | چاند جیسا | میرا چاند | چاند سا | چاند تارا |
| 3 | ایک چیز کو دوسری چیز جیسا کہنا کہلاتا ہے: | تلمیح | تشبیہ | استعارہ | کنایہ |
| 4 | تشبیہ ہے: | موتیوں جیسے دانت | ابر باراں | سیاہ آنکھیں | قوس قزح |
| 5 | ادات تشبیہ دوسرا نام ہے: | مشبہ کا | مشبہ بہ کا | حرف تشبیہ کا | غرض تشبیہ کا |
| 6 | پطرس بخاری نے طلباء کی اقسام بتائی ہیں: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 7 | نوجوان تاجر کتب غائبانہ مرید تھا: | علامہ اقبال کا | مولانا روم کا | اکبرالٰہ آبادی کا | مولانا گرامی کا |
| 8 | مرزا غالب کی اقامت کا دارومدار کس کے حکم پر تھا؟ | میجر برن | کرنل برون | تھانے دار | جمعدار |
| 9 | اچھن کا باپ پیتا تھا: | سگریٹ | چائے | شراب | بیڑی |
| 10 | "سفارش" میں کوچوان کا نام تھا: | فیکا | شریکا | صدیقا | انیقا |
| 11 | پیاز کس بھاؤ بک ____ ہے۔ | رہا | رہتے | رہی | رہے |
| 12 | شجرکاری صدقہ جاریہ ____ ہے۔ | ہوتا | ہوتی | ہوتیں | ہوتے |
| 13 | یہ راہ کہاں ختم ہو ____ | گا | گئیں | گی | گئے |
| 14 | اصغر کو خاصی دیر بعد ہوش ____ | آیا | آئی | آئے | آئیں |
| 15 | حسن ____ ناک ٹیڑھی ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 16 | اب، جب، کب، شب، لب کہلائیں گے: | ردیف | قوافی | تلمیح | مقطع |
| 17 | ردیف اصطلاح ہے: | نثری | افسانوی | شعری | سیاسی |
| 18 | مقطع کے لئے ضروری ہے: | زمین | آخری شعر اور تخلص | مسدس | مخمس |
| 19 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں: | ہم قافیہ | ہم آہنگ | ہم خیال | ہم شکل |
| 20 | تلمیح کے معنی ہیں: | کنارہ کرنا | اشارہ کرنا | ارادہ کرنا | سہارا دینا |

www.pakcity.org

1101-XI124-68000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دیر میں وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

ہم کو سودا ہے غلامی کا ، کہ آزادی کی دُھن چند ہی دن میں ، ہمارا امتحاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) "تصریف" کی نمایاں خصوصیات میں فاضل مصنف نے اس میں جابجا اپنے تجربات کی روشنی میں سرجری کے متعلق ایسی تصریحات کی ہیں جن سے طبی دنیا اس سے پہلے بے خبر تھی۔ زہراوی کا طرزِ بیان عام فہم اور زبان سادہ ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اٹھاتا ہے اس کے تمام رموز اس خوبی سے بیان کرتا ہے کہ قاری کے لئے کسی قسم کا الجھاؤ باقی نہیں رہتا۔ پھر بعض دیگر طبی مصنفوں کی طرح وہ فلسفیانہ موشگافیوں میں نہیں الجھا بلکہ اپنے فن کے عملی پہلوؤں کو سامنے رکھتا ہے اور صرف انھی امور کی توضیح کرنا ضروری خیال کرتا ہے جو عملی افادیت کے حامل ہوں۔

(ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا۔ آج "زمانہ" میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ "زمانہ" کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا 01,09

5۔ اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان مطالعہ کتب کے فوائد پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ - یا - "تقریب بسلسلہ یوم اقبال" روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ سند جاری کروانے کے لئے چیئر مین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

اللہ تعالیٰ نے انسان کو طرح طرح کی نعمتیں عطا کی ہیں۔ عزت، آبرو، دولت اور سخن سازی مگر صحت وتندرستی ان سب سے اہم ہے۔ بادشاہی تو فی الحقیقت وہی ہے جو صحت مند اور باوقار و باکردار ہو یہ انسان پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا کرم ہے۔ انسان امیر ہو یا غریب، قیدی ہو یا آزاد، صحت اور آبرو ہی سے زندگی ہے۔ دنیا بھر کی خوبیاں صحت اور عزت میں پوشیدہ ہیں اگر انسان تندرست ہو تو سیر سپاٹے اور گھومنے پھرنے کا بھی لطف آتا ہے اور اگر جسم کی یہ مشین خراب ہو جائے تو امارت بھی اور عیش وعشرت بھی بیکار اور بے مزہ ہے۔ نظیر اکبر آبادی نے کیسی سچی بات کہی ہے کہ انسان کی حیثیت اور مقام ومرتبہ جو بھی ہو، تندرستی اور صحت ہی اصل چیز ہے۔

1101-XI124-68000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

pakcity.org

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6024

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ____ کھاؤ جتنی بھوک ہے۔ | اتنی | اتنا | اتنے | جتنے |
| 2 | اس کی آنکھ میں حیا ____ ۔ | نہ رہی | نہ رہا | نہ رہے | نہ رہیں |
| 3 | اس کتاب ____ دام ہیں۔ | کو | کی | کے | کیا |
| 4 | گھر عورت کی سلطنت ____ ہے۔ | ہوتی | ہوتا | ہوتے | ہوئے |
| 5 | لندن سے تار ____ ہے۔ | آیا | آئی | آؤ | آئیں |
| 6 | قافیہ کی بنیادی شرط ہے: | ہم آواز | ہم مرتبہ | ہم خیال | ہم ردیف |
| 7 | جس غزل میں ردیف ہو اسے کہتے ہیں: | مسلسل غزل | قطعہ بند غزل | مردف غزل | غیر مردف غزل |
| 8 | مقطع کی پہچان ہے: | پہلا شعر | دوسرا شعر | تیسرا شعر | تخلص اور آخری شعر |
| 9 | مطلع کے لغوی معنی ہیں: | غروب ہونے کی جگہ | طلوع ہونے کی جگہ | چلے جانا | رحلت فرمانا |
| 10 | "حُسنِ یوسف" ہے: | تلمیح | کنایہ | مقطع | مطلع |
| 11 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | مجازی معنوں میں | حقیقی معنوں میں | لغوی معنوں میں | اصطلاحی معنوں میں |
| 12 | استعارہ کا حصہ ہے: | حروف تشبیہ | وجہ جامع | مشبہ | مشبہ بہ |
| 13 | تشبیہ کے لئے لازم ہے: | مشترک آواز | مشترک الفاظ | مشترک بناوٹ | مشترک صفت |
| 14 | حرف تشبیہ استعمال ہوتا ہے: | تشبیہ میں | استعارہ میں | کنایہ میں | تلمیح میں |
| 15 | مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں: | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ | وجہ شبہ | حرف تشبیہ |
| 16 | "شکوہ"، "جواب شکوہ" نظمیں ہیں: | اکبر الہ آبادی کی | نظیر اکبر آبادی کی | علامہ اقبال کی | جوش ملیح آبادی کی |
| 17 | سبق "چراغ کی لو" میں منشی کی تنخواہ ہے: | دس روپے | ایک ہزار روپے | دس ہزار روپے | ایک لاکھ روپے |
| 18 | سبق "سفارش" کا تعلق نثر کی صنف سے ہے: | داستان | ناول | افسانہ | ڈراما |
| 19 | نوجوان کے اوورکوٹ کا رنگ تھا: | خاکی | بادامی | سفید | سیاہ |
| 20 | تصریف منقسم ہے: | تین بڑے حصوں میں | چار بڑے حصوں میں | پانچ بڑے حصوں میں | چھ بڑے حصوں میں |

1102-XI124-60000

www.pakcity.org

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

pakcity.org

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

تُو مقصدِ تخلیق ہے ، تُو حاصلِ ایماں
جو تجھ سے گریزاں ، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

یہ آرزو تھی ، تجھے گُل کے رُوبہ رُو کرتے
ہم اور بلبلِ بے تاب ، گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لاگ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) رشک آتا ہے کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قیدِ مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزا اور تھرل ململ کا کرتا پہن، قوام والا پان کلّے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں "داستانِ امیر حمزہ" پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں، قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ابوالقاسم زهراوی (ii) دوستی کا پھل 01,09

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان فنی تعلیم کی اہمیت وافادیت پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔۔ یا ۔۔ کالج میں یوم آزادی کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ پرنسپل کے نام کسی تاریخی مقام پر جانے کی اجازت کے لئے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

بچہ جب پہلے پہل سکول جاتا ہے تو گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے۔ جو ضروریات گھر میں آسانی سے ہر وقت پوری ہو جاتی تھیں، سکول میں ان کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہوتا۔ گھر کے مانوس افراد کی نسبت یہاں اس کا واسطہ اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی شکل میں اجنبی لوگوں سے پڑتا ہے۔ یہاں بچے کو اپنی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کا شعور اور اندازہ نہیں ہوتا۔ ان حالات میں اگر سکول میں اس کو اساتذہ کی طرف سے رہنمائی میسر آجائے تو اس کی بہت سی مشکلات اور مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ بصورتِ دیگر تعلیمی کامیابی کے امکان کم اور محدود ہو جاتے ہیں۔

1102-XI124-60000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

11th Class Urdu Objective Paper Group 1 Gujranwala Board 2024

رول نمبر اُمیدوار: ______

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 324-IV) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ — حصہ معروضی — Code: 6027 — مارکس : 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1- "رخسار پھول کی مانند ہے" اس جملے میں حرفِ تشبیہ ہے
(A) مانند (B) رخسار (C) پھول (D) ہے

2- استعارہ کے حقیقی اور مجازی معنی میں ____ کا تعلق پایا جاتا ہے۔
(A) مشبہ (B) تلمیح (C) تشبیہ (D) استعارہ

3- گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ...... رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش
اس شعر میں "اے کاش" ہے
(A) قافیہ (B) ردیف (C) تشبیہ (D) استعارہ

4- "مکتوباتِ غالب" چھپ ____ ۔
(A) گئے ہیں (B) گئیں ہیں (C) گئی ہے (D) گیا ہے

5- طرفین استعارہ ____ کو کہتے ہیں۔
(A) استعارہ اور تشبیہ (B) وجہ جامع (C) حروفِ تشبیہ (D) مستعارلہ اور مستعارمنہ

6- دلی میں غالب کی رہائش کا مدار جس حاکم کے حکم پر تھا
(A) کرنل برن (B) کرنل شیفرڈ (C) ایجرٹن (D) ولیم

7- اگر دولت مند ہو تو ____ کی تقلید کرو۔
(A) امراء (B) حکمرانوں (C) افسروں (D) مکے کے تاجر اور بحرین کے خزینہ دار

8- تشبیہ دینے کے لیے استعمال کیے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) حروفِ استفہام (B) حروفِ تشبیہ (C) ابہام (D) حروفِ تردید

9- استعارہ کی بنیاد ____ پر رکھی جاتی ہے۔
(A) مجاز (B) حقیقت (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

10- افسانہ "ادیب کی عزت" مصنف کی جس تصنیف سے ماخوذ ہے
(A) سوزِ وطن (B) آخری تحفہ (C) واردات (D) زادِ راہ

11- اس احساس نے اسے غصہ دلا ____
(A) دی (B) دیا (C) دیئے (D) دیں

12- غزل یا قصیدہ کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرے، کو ____ کہتے ہیں۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) آخری شعر (D) ردیف

13- کسی مشہور تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کہتے ہیں
(A) کنایہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) استعارہ

14- علاج سے مرض ____ ۔
(A) بڑھتی گئی (B) بڑھتی گیا (C) بڑھتے گئے (D) بڑھتا گیا

15- سرسید احمد خاں نے "خطباتِ احمدیہ" ____ برس مدت میں لکھی۔
(A) تین (B) دو (C) ڈیڑھ (D) ایک

16- پہلے شعر کے دونوں ہم قافیہ اور ہم ردیف مصرعوں کو کہتے ہیں
(A) مطلع ثانی (B) مطلع (C) حسن مطلع (D) مطلع ثالث

17- یہ اس کے باپ کی آواز ____ ۔
(A) تھا (B) تھی (C) تھے (D) تھیں

18- ردیف سے پہلے آتا ہے
(A) قافیہ (B) استعارہ (C) مقطع (D) مطلع

19- ضد ____ اچھی بات نہیں۔
(A) کرنی (B) کرنے (C) کرنا (D) کرو

20- کبوتر، گدھ اور سانپ میں قدر مشترک تھی
(A) محبت کا احساس (B) برادری کا احساس (C) دوستی کا احساس (D) ذاتی فائدہ

205-(IV)-1st A 324-83000

www.pakcity.org


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

pakcity.org

پرچہ: I　　11th انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس (1st A 324)　　پہلا گروپ

مارکس: 80　　انشائی　　وقت: 2 گھنٹے

## حصہ اول

(8+1+1 = 10)

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی ...... خونِ مسلم صرفِ تعمیر جہاں ہوجائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ...... حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہوجائے گا

(3 x 3+1 = 10)

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا ...... جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا
دل لے کے مُفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں ...... اُلٹی شکایتیں ہوئیں، احسان تو گیا
ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں ...... سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو مہمان تو گیا

## حصہ دوم

(10+3+1+1= 15)

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(الف) ہر شخص کے دل میں اعزاز واحترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھوگی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہلِ دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہوجاتا ہے۔

(ب) بدقسمتی سے کمیٹی کے پاس ہوا کی قلت تھی۔ اس لیے لوگوں کو ہدایت کی گئی کہ مفادِ عامہ کے پیشِ نظر اہل شہر ہوا کا بے جا استعمال نہ کریں بلکہ جہاں تک ہو سکے کفایت شعاری سے کام لیں۔ چنانچہ اب لاہور میں عام ضروریات کے لیے ہوا کی بجائے گرد اور خاص خاص حالات میں دھواں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمیٹی نے جابجا دھوئیں اور گرد کے مہیا کرنے کے لیے مرکز کھول دیے ہیں جہاں یہ مرکبات مفت تقسیم کیے جاتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ اس سے نہایت تسلی بخش نتائج برآمد ہوں گے۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org

- 2 -

+1=10)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) اوورکوٹ　(ii) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

(5)

5 - سید محمد جعفری کی نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(10)

6 - دو دوستوں کے درمیان "سوشل میڈیا کے فوائد اور نقصانات" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

یا

کالج میں ہونے والی سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

(10)

7 - ایک مکان کی فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔

(8+2 =10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔

جن قوموں نے موبائل فون اور لیپ ٹاپ بنائے وہ آج بھی کتاب پڑھتی ہیں۔ یورپ میں شائع ہونے والی نئی کتاب کی ہزاروں کا پیاں ایک ماہ میں فروخت ہوجاتی ہیں۔ ہم نہ کچھ ایجاد کرتے اور سیکھتے ہیں اور نہ ہمارے پاس کتاب پڑھنے کا وقت ہے۔ ہم بہانے بناتے ہیں کہ موبائل فون نے کتاب کی جگہ لے لی ہے۔ اگر ہم کتاب بینی کو فروغ نہیں دیں گے تو ہمارے ترجیحات بڑے گھر، موبائل فون، پلاٹ اور گاڑیاں ہوسکتی ہیں۔ انسانیت ہمیں چھو کر بھی نہیں گزرے گی، صرف شکم پروری ہمارا نصب العین ہوگا۔



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رولنمبر اُمیدوار : ____________

اردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 324-I) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

pakcity.org

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6022 مارکس : 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 1- ولیم ڈراگن ______ کا خیرخواہ تھا۔
(A) انگلینڈ (B) آئرلینڈ (C) نیوزی لینڈ (D) سکاٹ لینڈ

2- حضرت قمر عید کا دن گزارتے
(A) سوکر (B) لکھتے ہوئے (C) دوستوں کے ساتھ (D) رشتہ داروں کے ساتھ

3- نوجوان کو ______ پر حادثہ پیش آیا۔
(A) ڈیوس روڈ (B) لارنس روڈ (C) مال روڈ (D) میکلوڈ روڈ

4- فیکا اپنے والد کو علاج کے لیے لے گیا
(A) جناح ہسپتال (B) میو ہسپتال (C) گنگا رام ہسپتال (D) جنرل ہسپتال

5- مشتاق یوسفی کے مطابق مرغی کا مقام ہے
(A) کھیت (B) ڈربہ (C) بازار (D) پیٹ اور پلیٹ

6- مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا
(A) ضروری ہے (B) غیرضروری ہے (C) ممکن نہیں (D) غلط ہے

7- گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ...... رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش
یہ شعر ہے
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

8- غزل کے جس شعر میں تخلص ہو، مقطع کہلاتا ہے
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

9- اگر آخری شعر میں تخلص استعمال نہ ہو تو وہ کہلائے گا
(A) مقطع (B) حسنِ مطلع (C) زیبِ مطلع (D) آخری شعر

10- ہم آواز الفاظ کو کہتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مجازِ مرسل (D) کنایہ

11- بچہ پھول جیسا میں "بچہ" ہے
(A) حرفِ تشبیہ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) غرضِ تشبیہ

12- رُخسار پھول کی مانند میں "پھول" ہے
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) مستعارلۂ (D) مستعارمنہ

13- استعارہ کا لغوی معنی ہے
(A) ادھار لینا (B) ادھار دینا (C) تعریف کرنا (D) ہم شکل ہونا

14- استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے
(A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) لغوی معنوں میں (D) اصطلاحی معنوں میں

15- "حسنِ یوسف" اصطلاح میں ہے
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) قافیہ

16- مریض کو بہت دیر بعد ہوش ______ ۔
(A) آیا (B) آئی (C) آئے (D) آئیں

17- تلوار ______ نیام خوبصورت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

18- اسے قبض ______ ۔
(A) رہتا ہے (B) رہتی ہے (C) رہتے ہیں (D) ہوتی ہے

19- گرم چیزیں کھانے سے پرہیز ______ ۔
(A) کرنی چاہیے (B) کرنا چاہیے (C) کرنے چاہیں (D) کرنی چاہیں

20- ضد ______ اچھا نہیں۔
(A) کرنا (B) کرنی (C) کرنے (D) کرو

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

11th Class Urdu Subjective Paper Group 2 Gujranwala Board 2024

پرچہ : I
(1st A 324) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th
دوسرا گروپ

مارکس : 80
انشائی
2:40 گھنٹے

## حصہ اول

- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1 = 10)

میرے جیسے ہوں گے پیدا، سیکڑوں اہلِ سخن ...... نکتہ نکتہ جن کا' آزادی کی جاں ہو جائے گا
ڈھائی جائے گی بِنا، یورپ کے استعمار کی ...... ایشیا، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3 x 3+1 = 10)

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ...... ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا ...... جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر ...... ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1= 15)

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ب) وہ مایوس ہو کر لڑکھڑاتی ہوئی دالان سے نکل آئی اور اپنی چارپائی پر پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئی۔ اسے اپنے ابا پر غصہ آ رہا تھا کہ آخر وہ اس برائے نام روشنی پر قناعت کیوں کرتے ہیں؟ مٹی کا تیل اسے روزانہ کیوں نہیں ملتا؟ جب کہ گلی کے نکڑ والے خوب صورت دو منزلہ گھر میں تمام رات بڑی بڑی لالٹینوں کی روشنی ہوتی رہتی ہے......لیکن اس کا جھنجھلایا ہوا دماغ یہ سوچ ہی نہ سکا کہ اگر تیل اُسے بھڑے ملنے بھی لگے تو اس مد کے لیے دو پیسے روز کس کے گھر سے آئیں گے جب کہ اس کے باپ کو سخت محنت کی قیمت صرف اتنی ہی ملتی ہے کہ وہ جیتے تو کیا ہاں جینے کی بھونڈی سی نقل اتارتا رہے۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5 - نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان "بیرونِ ملک تعلیم" حاصل کرنے کے حوالے سے ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

ایک تفریحی سفر کی روداد تحریر کیجیے۔

7 - موبائل فون کی فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 =10)

زندہ قومیں اپنے قومی ورثے کی حفاظت اس لیے بھی کرتی ہیں کہ اس میں ان کے بُزرگوں کی محنتِ شاقہ شامل ہوتی ہے۔ کسی بھی قوم کی ادبی ترقی میں ہر فرد حصہ نہیں لیتا بلکہ چند حساس افراد کی تگ و دو سے یہ پودا پروان چڑھتا ہے۔ ہر ادب دنیا کے کونے کونے میں اپنی قوم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اعلیٰ و ارفع ادب بہت سے لکھاریوں کو جنم دیتا ہے۔ یہی صاحبانِ فن اپنے جگر کا خون دے دے کر اپنے ادب کے بُوٹے پالتے ہیں۔ یہ بُوٹے پلتے جاتے ہیں تو اس قوم سے جہالت کے پتے جھڑتے جاتے ہیں۔ اردو ادب کی ترویج و ارتقا میں بہت سے تخلیق کاروں نے دن رات جست و خیز کی اور اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اس زبان کو جوان کرنے میں دن رات ایک کیا۔


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| Paper Code Number: **2025** | **2024 (1st-A)**<br>انٹرمیڈیٹ پارٹ-I ( جماعت گیارھویں) | رول نمبر ________ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) | پرچہ-پہلا | گروپ-پہلا | معروضی | وقت 20 منٹ | کل نمبر = 20 |

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جس غزل میں ردیف ہو، کہلاتی ہے۔ | طویل غزل | مقفیٰ غزل | مردف غزل | غیر مردف غزل |
| 2 | حسنِ مطلع آتا ہے۔ | مقطع سے پہلے | مطلع سے پہلے | مقطع کے بعد | مطلع کے بعد |
| 3 | مطلع کے لیے ضروری ہے کہ وہ شعر ہو۔ | پہلا | دوسرا | درمیانہ | آخری |
| 4 | وقت اچھا بھی آئے گا ناصر غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی مثال ہے۔ | مطلع کی | تلمیح کی | مقطع کی | استعارہ کی |
| 5 | جس چیز سے تشبیہ دی جائے وہ کہلاتی ہے۔ | مشبہ | مشبہ بہ | وجہ شبہ | حرف تشبیہ |
| 6 | "موتیوں جیسے دانت" اِس میں مشبہ ہے۔ | جیسے | چمک دمک | موتیوں | دانت |
| 7 | لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہوتا ہے۔ | تشبیہ میں | تلمیح میں | استعارہ میں | ردیف میں |
| 8 | استعارہ کا رکن ہے۔ | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | حرف تشبیہ | وجہ جامع |
| 9 | "ید بیضا" ہے۔ | تشبیہ | تلمیح | استعارہ | قافیہ |
| 10 | اُسے ڈکار ______ ہے۔ | آئی | آیا | آئے | آئیں |
| 11 | تلوار ______ نیام خوبصورت ہے۔ | کے | کہیں | کی | کا |
| 12 | یہ اونٹ ______ نکیل ہے۔ | کا | کی | کے | کہیں |
| 13 | اس کے چہرے پر نقاب ______ ہے۔ | بھلی لگتی | بھلے لگتے | بھلا لگتا | بھلی لگتیں |
| 14 | ہمیں دیر نہیں ______ چاہیے۔ | کرنی | کرنا | کرنے | کرنیں |
| 15 | سرسید نے ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیا تھا۔ | علی گڑھ کو | آگرہ کو | دلی کو | میرٹھ کو |
| 16 | ڈاکٹر لی کارک نے "التصریف" کو منتقل کیا۔ | انگریزی میں | فرانسیسی میں | جرمن میں | اطالوی میں |
| 17 | حضرت قمر نے نظم میں زندگی کو تشبیہ دی تھی۔ | باغ سے | پھول سے | خوشبو سے | شبنم سے |
| 18 | "اوورکوٹ" کے نوجوان کے ہیٹ کا رنگ تھا۔ | سفید | سیاہ | سبز | بادامی |
| 19 | طلبہ کی خالص ترین قسم ہوتی ہے۔ | جمالی طلبہ | جلالی طلبہ | خیالی طلبہ | خالی طلبہ |
| 20 | جنگل، منگل، دنگل، الفاظ ہیں۔ | ہم ردیف | ہم قافیہ | ہم معنی | ہم خیال |

1(Obj)(☆☆☆)-2024(1st-A)-50000 (MULTAN)


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| اردو (لازمی) | پرچہ - پہلا گروپ-پہلا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ- جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 Multan Board 2024

## حصہ اول

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ، ہجوم — کوکو کا شور ، نالۂ حق سرۂ کی دھوم

(ii) سبحان رَبّنَا کی صدا تھی ، عَلَی العُموم — جاری تھے وہ جو اُن کی عبادت کے تھے رسوم

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی — بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے

(ii) سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

(iii) مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ایک نہایت عاجز ومسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لاگ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) یہ صحیح ہے کہ انسان روٹی پر ہی زندہ نہیں رہتا ------ اسے مرغ مسلّم کی بھی خواہش ہوتی ہے۔ اگر آپ کا عقیدہ ہے کہ خدا نے مرغی کو محض انسان کے کھانے کے لیے پیدا کیا تو مجھے اس پر کیا اعتراض ہوسکتا ہے۔ صاحب! مرغی تو در کنار، میں تو انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہوں۔ تازے خود کھائیے۔ گندے ہو جائیں تو ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دُگنے داموں بیچیے۔

4- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5- دلاور فگار کی نظم " لوکل بس " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6- دو دوستوں کے درمیان " مسئلہ فلسطین " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

کالج کی سالانہ کھیلوں کے مقابلہ جات کی روداد قلم بند کیجیے۔

7- ڈپٹی کمشنر کے نام تفریحی پارک کے قیام کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

" خبردار رعایا سے کبھی نہ کہنا کہ میں تمہارا حاکم بنادیا گیا ہوں اور اب میں ہی سب کچھ ہوں۔ سب کو میری تابعداری کرنی چاہیے اس ذہنیت سے دل میں فساد پیدا ہوتا ہے۔ دین میں کمزوری آتی ہے اور بربادی کے لیے بلاوا آتا ہے اور اگر حکومت کی وجہ سے غرور پیدا ہو جانے لگے تو سب سے بڑے بادشاہ کی طرف دیکھنا جو تمہارے اوپر ہے اور تم پر وہ قدرت رکھتا ہے جو تم خود بھی اپنے اوپر نہیں رکھتے۔"

1-2024(1st-A)-50000 (MULTAN)



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| Paper Code Number: 2028 | 2024 (1st-A) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I ( جماعت گیارہویں) | pakcity.org رول نمبر |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت 20 منٹ | معروضی | گروپ۔ دوسرا | پرچہ۔ پہلا | اردو (لازمی) |
|---|---|---|---|---|---|

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تقریب میں راجا صاحب نے فرمائش کی۔ | مقالہ پڑھیں | سہرا گائیں | غزل گائیں | نظم پڑھیں |
| 2 | نواب مصطفیٰ خاں کو قید کی سزا ہوئی تھی۔ | پانچ سال | سات سال | نو سال | گیارہ سال |
| 3 | کبوتری کو فکر لگی رہتی تھی۔ | جان کی | گھونسلے کی | انڈوں کی | طوفان کی |
| 4 | ادات تشبیہ کہتے ہیں۔ | حروفِ تشبیہ | مشبہ | مشبہ بہ | طرفین تشبیہ |
| 5 | تشبیہ ہے۔ | چاہِ یوسف | میر | شیر کی طرح بہادر | چاند چہرہ |
| 6 | استعارہ میں آتا ہے۔ | حرف | وجہ جامع | مشبہ | وجہ شبہ |
| 7 | استعارہ ہے۔ | غالب | شیر کی طرح بہادر | آتشِ نمرود | میرا چاند |
| 8 | تلمیح ہے۔ | ابنِ مریم | چاند سا چہرہ | فیض علی | موتی سمجھ کے چن لئے |
| 9 | شعری اصطلاح کہلاتی ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | مطلع | تلمیح |
| 10 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں۔ | ذو معانی | ہم معانی | ہم راہ | ہم قافیہ |
| 11 | ردیف سے پہلے آتا ہے۔ | مقطع | مطلع | قافیہ | تخلص |
| 12 | شاعر کا قلمی نام کہلاتا ہے۔ | خطاب | لقب | کنیت | تخلص |
| 13 | ردیف اصطلاح ہے۔ | شعری | سیاسی | نثری | افسانوی |
| 14 | ______ گھاس دیکھ کر دل خوش ہو گیا۔ | ہرا ہرا | ہری ہری | ہرے ہرے | ہرا ہی ہرا |
| 15 | یہ کس ______ میز ہے؟ | کا | کے | کی | کو |
| 16 | میرا ضمیر مجھے برائی سے ______ ہے۔ | روکتی | روکتے | روکتا | روکتیں |
| 17 | برِ عظیم میں اردو بولی ______ ہے۔ | جاتی | جاتے | جاتا | جاتیں |
| 18 | نیکی ______ راہ بہت کٹھن ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 19 | صُفّہ کے لفظی معنی ہیں۔ | مدرسہ | چبوترہ | راستہ | درس گاہ |
| 20 | نواب محسن الملک کی سرسید سے پہلی ملاقات ہوئی۔ | 1850ء میں | 1860ء میں | 1861ء میں | 1863ء میں |

3(Obj)(☆☆☆☆)-2024(1st-A)-50000 (MULTAN)

www.pakcity.org

 Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ ( جماعت گیارھویں )

| اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا گروپ ـ دوسرا | اِنشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |
|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

11th Class Urdu Subjective Paper Group 2 Multan Board 2024

حصہ اوّل

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ، ہجوم — کُوکُو کا شور ، نالۂ حقِ سرّہٗ کی دُھوم

(ii) سبحان رَبّنَا کی صدا تھی ، عَلَی العُموم — جاری تھے وہ جو اُن کی عبادت کے تھے رسوم

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُو بہ رُو کرتے — ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

(ii) پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہُوا — زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

(iii) مری طرح سے مہ و مُہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جُستجو کرتے

حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) سرسیّد کے ایک دوست ایک زمانے میں ان کے خانگی اخراجات کا حساب لکھا کرتے تھے۔ ان کا بیان ہے کہ جب مہینا ختم ہوا میں تمام اخراجات کا مختصر گوشوارہ بنا کر ان کو دکھانے کے لیے لے گیا۔ سرسیّد نے کہا " بس مجھے دکھانے کی کوئی ضرورت نہیں، یونہی چلنے دو۔ میں دیکھوں گا تو ناحق میرے دل کو صدمہ ہوگا۔" حق یہ ہے کہ جو شخص رات دن اوروں کی اصلاح وفلاح میں رہے گا وہ اپنے خانگی انتظام کی طرف کیونکر متوجہ ہوسکتا ہے۔

(ب) کہتے ہیں کسی زمانے میں لاہور کا حدود اربعہ بھی ہوا کرتا تھا لیکن طلبہ کی سہولت کے لیے میونسپلٹی نے اسے منسوخ کر دیا ہے۔ اب لاہور کے چاروں طرف بھی لاہور ہی واقع ہے اور روز بروز واقع تر ہو رہا ہے۔ ماہرین کا اندازہ ہے کہ دس بیس سال کے اندر لاہور ایک صوبے کا نام ہوگا جس کا دارالخلافہ پنجاب ہوگا۔ یوں سمجھیے کہ لاہور ایک جسم ہے جس کے ہر حصے پر ورم نمودار ہو رہا ہے لیکن ہر ورم موادِ فاسد سے بھرا ہے۔ گویا یہ توسیع ایک عارضہ ہے جو اس کے جسم کو لاحق ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ابوالقاسم زہراوی (ii) دوستی کا پھل

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم ورضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مسئلہ فلسطین کے حل کے حوالے سے دو طلبا کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

انڈیا اور پاکستان کے کرکٹ میچ کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

یاد رکھو جو کوئی خدا کے بندوں پر ظلم کرتا ہے۔ خدا خود اپنے مظلوم بندوں کی طرف سے ظالم کا حریف بن جاتا ہے اور معلوم ہے خدا جس کا حریف بن جائے اس کی حُجت باطل ہو جاتی ہے۔ وہ خدا سے لڑائی ٹھاننے کا مُجرم ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ باز آجائے اور توبہ کر لے۔ خدا کی نعمت کو اس سے بڑھ کر بدلنے والی اور خدا کی عُقوبت کو اس سے زیادہ بُلانے والی اور کوئی چیز نہیں کہ آدمی ظلم اختیار کرے اور اس پر ہمیشہ کے لیے کاربند رہے۔

3-2024(1st-A)-50000 (MULTAN)


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

D | L.K.No.1523 | Paper Code No.6027 | اُردو (لازمی)

pakcity.org

Ist - A - Exam 2024 | گروپ فرسٹ | پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) | وقت : 20 منٹ

Session (2022 - 24) & (2023 - 25) | کل نمبر : 20

11th Class Urdu Objective Paper Group 1 Bahawalpur Board 2024

نوٹ : ہرسوال کے چار جوابات A , B ، C ، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی ابیل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھردیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) اگر شکست کھائی ہے تو عبرت حاصل کرو : (A) معرکۂ خیبر سے (B) معرکہ بدر سے (C) معرکہ احد سے (D) معرکہ خندق سے

(2) پشاور سے آنے والے حملہ آور کہلاتے تھے : (A) اہلِ علم (B) اہلِ زبان (C) اہلِ خانہ (D) اہلِ سیف

(3) قمر صاحب کے نزدیک ہر شخص کو بھوک ہوتی ہے : (A) شہرت کی (B) عہدے اور طاقت کی (C) اعزاز و احترام کی (D) روپے اور محل کی

(4) سر سید احمد خاں خطوں کا جواب دینے میں تھے : (A) سخی (B) فراخ دل (C) کشادہ دل (D) فیاض

(5) یوسفی کی شیو کی پیالی برآمد ہوئی : (A) غسل خانے سے (B) الماری سے (C) باورچی خانے سے (D) ڈربے سے

(6) (میں ہوں سقراط، مجھے زہر پلایا جائے) میں استعمال ہوئی ہے : (A) تضاد (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) تلمیح

(7) علمِ بیان سے تعلق ہے : (A) مطلع کا (B) تشبیہ کا (C) قافیہ کا (D) ردیف کا

(8) تشبیہ ہے : (A) دودھ پلائی (B) دودھ دوہنا (C) دودھ جیسا رنگ (D) دودھ پہنچانا

(9) مشبہ اور مشبہ بہ کو ملاتا ہے : (A) حرفِ تشبیہ (B) حرفِ غلط (C) ادھار صنعت (D) مستعارلہٗ

(10) (پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے ، اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے) اس شعر میں قافیہ ہے : (A) آتے آتے (B) کہاں ، یہاں (C) سے وہ (D) رہی تو

(11) مقطع کے لئے ضروری ہے : (A) تخلص (B) آخری شعر (C) تخلص + پہلا شعر (D) تخلص + آخری شعر

(12) " کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" اس میں شیر ہے : (A) مستعارلہٗ (B) مستعارمنہٗ (C) وجہ جامع (D) وجہ تشبیہ

(13) مطلع ہے : (A) اسمِ ظرف زماں (B) اسمِ معرفہ (C) اسمِ ظرفِ مکاں (D) اسمِ ضمیر

(14) ____ چائے لاؤ : (A) تازہ (B) تازی (C) تازے (D) تازیں

(15) ردیف کے لغوی معنی ہیں : (A) ادھار لینا (B) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (C) ہم آواز الفاظ (D) اشارہ کرنا

(16) غیر مردّف غزل میں قافیہ آتا ہے : (A) صرف پہلے شعر میں (B) شعر کے شروع میں (C) مطلع ثانی میں (D) ہر شعر کے آخر میں

(17) ساہیوال سے تار ____ ہے : (A) آئی (B) آئیں (C) آیا (D) آئے

(18) علی ____ تلوار قیمتی ہے : (A) کا (B) کے (C) کیں (D) کی

(19) وہ لڑکی تو بہت ____ ہے : (A) لڑاکی (B) لڑاکا (C) لڑاکو (D) لڑاکن

(20) گھوڑا گاڑی بک ____ : (A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گو

---------☆☆---------



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| (2022 - 24) & (2023 - 25) سیشن | 1523 - 35000 | رول نمبر: |
|---|---|---|
| (گروپ فرسٹ) | Ist - A - Exam 2024 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر: 80 | Inter ( Part - I ) | وقت 2:40 گھنٹے |

حصہ اول

ہدایات ☆تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔☆

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 Bahawalpur Board 2024

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) یہ پرچم ہے نشاں ، عالم میں فتح و کامرانی کا — زمیں پر ابر رحمت ہے ، نویدِ آسمانی کا

یہ پرچم ہے روایاتِ عظیم الشان کا پرچم — یہی پرچم ہے استقلال پاکستان کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں — الٰہی ترکِ اُلفت پر ، وہ کیوں کر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں ! کیفیتِ صہبا کے افسانے — شرابِ بے خودی کے ، مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد اُن کی ، مہینوں تک نہیں آتی — مگر جب یاد آتے ہیں ، تو اکثر یاد آتے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) عزم واستقلال ، شجاعت ، صبر ، شکر ، توکل ، رضا ، تقدیر ، مصیبتوں کی برداشت ، قربانی ، قناعت ، استغنا ، ایثار ، جُود ، تواضع ، خاکساری ، مسکنت ، نشیب وفراز ، بلندوپست ، تمام اخلاقی پہلوؤں کے لئے جو مختلف انسانوں کو مختلف حالتوں میں یا ہر انسان کو مختلف صورتوں میں پیش آتے ہیں ، ہمیں عملی ہدایت اور مثال کی ضرورت ہے جو صرف پیغمبر اسلام (ﷺ) کی سوانح میں مل سکتی ہیں۔

(ب) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یوپی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔اوّل الذکر اہلِ سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔مؤخر الذکر اہلِ زبان کہلاتے ہیں۔یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

سوال نمبر 5 علامہ محمد اقبال کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 ڈینگی کی علامات، وجوہات اور تدارک کے بارے میں استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے ۔ (10)

یا

کالج میں منعقد ہونے والے " مشاعرہ " کی روداد لکھیے۔

سوال نمبر 7 ڈپٹی کمشنر کے نام خواتین کے حقِ ڈرائیونگ کی آگاہی کے لیے واک کا اہتمام کرنے کی درخواست لکھیے ۔ (10)

سوال نمبر 8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

غصے پر قابو پانے اور بدلہ لینے کی طاقت رکھتے ہوئے دوسروں کی غلطیوں سے درگزر کرنا ہی تحمل اور بردباری ہے۔بعض اوقات انسان دوسروں کی غلطیوں پر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔حالانکہ وہ خود بھی ان ہی غلطیوں کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ایسی حالت میں چاہیے کہ وہ غور و فکر سے کام لے اور تحمل و بردباری کو کام میں لائے تو اس کے حق میں بہتر ہے۔دنیا میں آئے دن جو قتل و غارت ، فتنہ و فساد ہوتے رہتے ہیں سب کا سبب زیادہ تر یہی ہے کہ انسان نہایت معمولی بات پر انتقامی کارروائی کر بیٹھتا ہے۔جس پر بعد میں اسے پریشانی بلکہ پشیمانی بھی ہوتی ہے۔اس طرح محض بردباری کو چھوڑ دینے کے باعث انتقام در انتقام کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

pakcity.org

---☆☆☆☆☆---


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

Ist - A - Exam 2024 | گروپ سیکنڈ | پرچہ : ا (معروضی طرز)

Inter ( Part - I ) | وقت : 20 منٹ

Session (2022 - 24) & (2023 - 25) | کل نمبر : 20

11th Class Urdu Objective Paper Group 2 Bahawalpur Board 2024

نوٹ : ہرسوال کے چار جوابات D, C, B, A دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ایبل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**سوال نمبر 1**

(1) سرسید کھانے کے بعد پیتے تھے :
(A) چائے (B) کافی (C) دودھ (D) لسی

(2) نظام سقے کے مسودات سے ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے ضروری ہیں :
(A) فوارے (B) مشکیزے (C) نہریں (D) نل

(3) غالبؔ نے میرٹھ کا سفر کیا :
(A) ریل میں (B) ڈاک میں (C) بس میں (D) پیدل

(4) " مقامع الاسنان " آلہ ہے :
(A) دانت نکالنے کا (B) انیما کا (C) پیشاب خارج کرنے کا (D) مثانے سے پتھری نکالنے کا

(5) مشتاق احمد یوسفی کے بقول ہمارے ہاں لائق قیافہ شناس جی رہے ہیں :
(A) دال روٹی پر (B) بکرے کی بوٹی پر (C) چکن بریانی پر (D) پستہ و بادام پر

(6) اگر شاعر کا تخلص پہلے شعر میں ہو ، جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں ، تو کہلائے گا :
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(7) پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے ، اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے --- قافیہ ہے :
(A) یہاں ، کہاں (B) آتے آتے (C) اجل (D) پھرے راہ سے

(8) ردیف کتنے الفاظ پر مشتمل ہوتی ہے :
(A) ایک (B) تین (C) پانچ (D) تعداد مقرر نہیں

(9) ہوبہو آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں :
(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(10) " میری نُور تو کہاں ہے ؟ " وجہ جامع کی نشان دہی کیجیے۔
(A) نُور (B) بیوی (C) خوبصورتی (D) کہاں

(11) استعارہ کس علم کا رکن ہے :
(A) علم بیان (B) علم بدیع (C) علم عروض (D) علم صرف

(12) غزل میں پایا جانا لازم ہے :
(A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) قافیہ

(13) ارکانِ تشبیہ کی تعداد ہے :
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(14) گیہوں صحن میں پھیلا --- :
(A) دی ہے (B) دیا ہے (C) دیے ہیں (D) دی ہیں

(15) آیت قرآنی یا حدیث مبارکہ کی طرف مختصر اشارہ کرنے کو کہتے ہیں :
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

(16) طرفین تشبیہ سے مراد ہے :
(A) ادات تشبیہ (B) حرف تشبیہ (C) ارکان تشبیہ (D) مشبہ اور مشبہ بہ

(17) نوجوان کی گردن پر میل ---- :
(A) جمی ہوئی ہے (B) لگی ہوئی ہے (C) نظر آئی (D) جما ہوا ہے

(18) میز کمرے میں ---- :
(A) رکھا ہے (B) پڑا ہے (C) پڑے ہیں (D) پڑی ہے

(19) ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ---- :
(A) لگایا (B) لگائی (C) لگائیں (D) رکھی

(20) شاعر کو بادشاہ نے خلعت عطا --- :
(A) کر دیے ہے (B) کر دی ہیں (C) کر دیا ہے (D) کر دی ہے

---------☆☆---------

pakcity.org



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر : | 1524 - 35000 | سیشن (2022 - 24) & (2023 - 25) |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Ist - A - Exam 2024 | (گروپ سیکنڈ) |
| وقت 2 : 40 گھنٹے | Inter ( Part - I ) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کیجیے۔ ☆

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف) ڈھائی جائے گی بِنا ، یورپ کے استعمار کی — ایشیا ، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دَیر میں — وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+(3x3)

منئے انساں سے تعارف جو ہوا ، تو بولا — میں ہوں سقراط ، مجھے زہر پلایا جائے

موت سے کس کو مفر ہے ، مگر انسانوں کو — پہلے جینے کا سلیقہ ، تو سکھایا جائے

حکم ہے سچ بھی قرینے سے کہا جائے ، ندیم — زخم کو زخم نہیں ، پھول بتایا جائے

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) وہ افعال جن کا تعلق دل و دماغ سے ہے اور جن کی تعبیر ہم اعمالِ قلب یا جذبات اور احساسات سے کرتے ہیں۔ ہر آن ہم ایک نئے قلبی عمل ، جذبے یا احساس سے متاثر ہوتے ہیں۔ ہم کبھی راضی ہیں کبھی ناراض، کبھی خوش ہیں کبھی غم زدہ ، کبھی مصائب سے دوچار ہیں اور کبھی نعمتوں سے مالا مال، کبھی ناکام ہوتے ہیں اور کبھی کامیاب، ان سب حالتوں میں ہم مختلف جذبات کے ماتحت ہوتے ہیں۔ اخلاق فاضلہ کا تمام تر انحصار انہی جذبات اور احساسات کے اعتدال اور باقاعدگی پر ہے، ان سب کے لیے ہم کو ایک عملی سیرت کی حاجت ہے۔

(ب) ایک دن موسلا دھار بارش ہو رہی تھی، تھکا ماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مُرغے میرے پلنگ پر ہیں۔ سفید چادر پر جا بجا پنجوں کے تازہ نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت بدنما معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا " آخر یہ گلہ پھاڑ پھاڑ کر کیوں چیخ رہے ہیں؟ "

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ادیب کی عزت (ب) دوستی کا پھل

سوال نمبر 5 دلاور فگار کی نظم " لوکل بس " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 وقت کی پابندی کے بارے میں استاد اور شاگرد کے مابین مکالمہ لکھیں۔ (10)

یا

کالج میں " سائنسی میلے " کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر 7 ایک پرانے ٹی۔وی سیٹ کے فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر 8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10) = 2 + 8

نظامِ کائنات پر غور کریں تو ہر چیز میں ایک ترتیب ، آہنگ ، سلیقہ اور پابندی موجود ہے ۔ سورج وقت پر طلوع و غروب ہوتا ہے۔ موسم وقت پر آتے اور بدلتے ہیں۔ درخت وقت پر پھل لاتے ہیں۔ فصلیں وقت پر اُگتی اور کٹتی ہیں۔ مرغانِ سحر کے چہچہے وقت کے پابند ہیں۔ چاند وقت پر نکلتا ہے اور کرنیں بکھیرتا ہے لیکن افسوس کہ غافل انسان وقت کی قدر نہیں کرتا۔ وہ ایسی لمبی تان کر سوتا ہے کہ اُسے مرغانِ سحر کے چہچہے جگا سکتے ہیں اور نہ مؤذن کی مقدس پکار۔ اسے یہ معلوم نہیں کہ زندگی نظم، باقاعدگی ، سلیقے اور ترتیب کا نام ہے۔ جو انسان بے کار رہتا ہے اُسے تفکرات گھیرے رکھتے ہیں۔ بے کاری اور بے قاعدگی منشائے فطرت کے خلاف ہے۔

pakcity.org
Please visit for more Data at: www.pakcity.org



-----------☆☆☆☆☆-----------

گروپ : پہلا

گیارہویں کلاس 1st Annual 2024

کل نمبر = 20

## حصہ معروضی

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

11th Class Urdu Objective Paper Group 1 DG Khan Board 2024

سوال نمبر۔1

1- " گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش " میں " اے کاش " ہے
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

2- مقطع کی بنیادی پہچان ہے
(A) تخلص (B) تعلّی (C) قافیہ (D) ردیف

3- جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جاتی ہے۔ اسے کہتے ہیں
(A) غرض تشبیہ (B) اداتِ تشبیہ (C) حروف تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

4- جوں، مثل، جیسا، مانند کہلاتے ہیں
(A) سادہ حروف (B) حروف تشبیہ (C) مہمل حروف (D) مفرد حروف

5- " صنم آخر خدا نہیں ہوتا " میں مستعارلہٗ ہے
(A) محبوب (B) عاشق (C) رقیب (D) خدا

6- تلمیح ۔۔۔۔۔۔ زبان کا لفظ ہے
(A) فارسی (B) اردو (C) عربی (D) ہندی

7- " جامِ جم سے مرا جامِ سِفال اچھا ہے " اس میں " جامِ جم " ہے
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) ارکان تشبیہ

8- شاعر ۔۔۔۔۔۔ بیاض چھپ گئی
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

9- پتنگ کٹ ۔۔۔۔۔۔
(A) گیا (B) گئی (C) گے (D) گئیں

10- آج چمن میں کیا خوب پَوَن چل ۔۔۔۔۔۔ ہے
(A) رہا (B) رہیں (C) رہی (D) رہے

11- ہم نے تاش ۔۔۔۔۔۔
(A) کھیلی (B) کھیلے (C) کھیلا (D) کھیلیں

12- ہاتھ رکھتے ہی ترازو ٹوٹ ۔۔۔۔۔۔
(A) گیا (B) گئیں (C) گئے (D) گئی

13- انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ
(A) راہ نما ملے (B) خِضر ملے (C) خیر خواہ ملے (D) ہم نوا ملے

14- حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا
(A) سلمٰی (B) سکینہ (C) رضیہ (D) عذرا

15- علامہ اقبالؒ کو جس حکیم کی دوا سے فائدہ ہوا، اس کا تعلق تھا
(A) دہلی سے (B) بنارس سے (C) کلکتہ سے (D) گورداس پور سے

16- ابن انشاء سفرنامہ کے جواب میں لکھنے کے خواہش مند تھے
(A) سیاحت نامہ (B) قیام نامہ (C) سوال نامہ (D) شاہ نامہ

17- مشتاق احمد یوسفی کے " دوست " کا نام تھا
(A) مرزا علیم بیگ (B) مرزا عبدالسلام بیگ (C) مرزا علی بیگ (D) مرزا عبد الودود بیگ

18- مطلع کے لغوی معنی ہیں
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) غروب ہونے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) ٹھیرنے کی جگہ

19- " مطلع " غزل کا ہوتا ہے
(A) نصیب (B) تشبیب (C) نقیب (D) رقیب

20- غزل کیلئے ضروری ہے
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) استعارہ

pakcity.org


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 DG Khan Board 2024

## حصہ انشائیہ

**سوال نمبر۔2** (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ **1+1+8=10**

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع
ان دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہوجائے گا
پھر نئے محمود ہوں گے حامیِ دینِ متیں
بچّہ بچّہ، غیرتِ الپ ارسلاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ **1+3+3+3=10**

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اڑ گیا، آندھیاں آتے آتے
نہیں کھیل اے داغؔ! یاروں سے کہ دو
کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

**سوال نمبر۔3** سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور منصف کا نام بھی لکھیئے۔ **1+1+3+10=15**

(الف) ابوالقاسم الزہراوی سرجری میں جو نادر آپریشن انجام دیتا تھا، اپنے روز افزوں تجربے سے اِس فن میں جو نئی نئی راہیں دریافت کرتا تھا، آپریشن کرنے کے لیے اپنی نگرانی میں جو نئے نئے آلات بنواتا تھا، ان سب کی تفصیل وہ احاطہ قلم میں لاتا جاتا تھا، یہاں تک کہ اس کے قلم سے عملی سرجری پر ایک یگانۂ روزگار تصنیف ظہور میں آگئی جو صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں سرجری کی واحد معیاری کتاب کے طور پر داخل درس رہی۔

(ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسالِ خدمت کروں گا۔ آج "زمانہ" میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ "زمانہ" کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔

**سوال نمبر۔4** درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور منصف کا نام بھی لکھیئے۔ **9+1=10**

(الف) اسوہ حسنہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) چراغ کی لَو

**سوال نمبر۔5** علامہ محمد اقبالؔ کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **5**

**سوال نمبر۔6** بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ **10**

**یا**

کالج میں منعقدہ "یوم آزادی" کی تقریب کی روداد تحریر کیجئے۔

**سوال نمبر۔7** لائبریری کے لیے نئی کتب منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست تحریر کیجئے۔ **10**

**سوال نمبر۔8** درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی لکھیئے **2+8=10**

ایک شخص رات کے اندھیرے میں پہاڑ کی چوٹی سے گرا۔ گرتے گرتے اس نے درخت کی شاخ پکڑ لی۔ وہ شاخ کو بڑی دیر تک اس خوف سے تھامے رہا کہ اگر شاخ چھوٹ گئی تو گر کر مر جاؤں گا۔ آخر بڑی دیر بعد اس نے زندگی سے مایوس ہوکر شاخ چھوڑ دی۔ مگر خوش قسمتی سے زمین قریب تھی۔ اسے کچھ نہ ہوا۔ یوں ہی ایک بے بنیاد خوف اس کے دل میں بیٹھا ہوا تھا۔


Please visit for more Data at: www.pakcity.org
pakcity.org

## حصہ معروضی

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

11th Class Urdu Objective Paper Group 2 DG Khan Board 2024

سوال نمبر۔1

-1 کی طرح ، مانند ، جیسا ، گویا وغیرہ سے مراد ہے
(A) ارکان تشبیہ (B) طرفین تشبیہ (C) حرف تشبیہ ● (D) وجہ جامع

-2 شعر میں تاریخی واقعہ کی طرف مختصر اشارا کرنے کو کہتے ہیں
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح ● (D) مجاز مرسل

-3 جس شخص یا شے کو تشبیہ دی جائے ، اسے کہتے ہیں
(A) مشبہ ● (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) غرض تشبیہ

-4 پچاس روپے ــــــــ دہی لاؤ
(A) کی (B) کے (C) کا ● (D) کیں

-5 میں نے صبح سویرے اخبار ــــــــ
(A) خریدی (B) خریدیں (C) خریدا ● (D) پڑھی

-6 اس دکاندار ــــــــ بائیسکل ٹھیک ہے
(A) کا (B) کے (C) کی ● (D) کیں

-7 آج کل پیاز بہت ــــــــ
(A) مہنگا ہے (B) مہنگی ہے ● (C) سستا ہے (D) مہنگے ہیں

-8 رابعہ نے صحن میں جھاڑو ــــــــ
(A) لگایا (B) دیا (C) پھیرا (D) پھیری ●

-9 سلطانِ عرب کا حال پڑھو ، اگر
(A) بادشاہ ہو ● (B) رعایا ہو (C) غریب ہو (D) دولت مند ہو

-10 بابو جی کو دوسرے دن سویرے ہی جانا پڑ گیا
(A) سرگودھا (B) گوجرانوالہ (C) شیخوپورے ● (D) راولپنڈی

-11 سبق " چراغ کی لو " کے مطابق گلی کے نکڑ والے دو منزلہ گھر میں تمام رات روشنی ہوتی رہتی ہے
(A) بلب کی (B) بڑی بڑی لالٹینوں کی ● (C) چراغ کی (D) بڑی بڑی شمعوں کی

-12 پطرس کے بقول دروازے کے اوپر اشتہار ہے
(A) تازہ مکھن کا (B) حافظہ کی گولیوں کا (C) سرکس کا (D) بوٹ پالش کا ●

-13 ابن انشاء کے بقول لڑکا تیل لینے کے لیے ، لے کر گیا
(A) کٹورا ● (B) شیشی (C) بوتل (D) بالٹی

-14 ہم وزن اور ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں
(A) مطلع (B) قافیہ ● (C) مقطع (D) ردیف

-15 قافیہ کی جمع کہلاتی ہے
(A) اوقاف (B) وقوف (C) قفا (D) قوافی ●

-16 بار بار دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف ● (C) مطلع (D) مقطع

-17 غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ ہوں تو وہ کہلائے گا
(A) مطلع (B) مقطع (C) مطلع ثانی ● (D) مطلع ثالث

-18 آخری شعر کے علاوہ مقطع کی شرط ہے
(A) دونوں مصرعے ہم قافیہ (B) ردیف کا پایا جانا (C) ہم آواز الفاظ (D) شاعر کا تخلص ●

-19 ارکان استعارہ کی تعداد ہے
(A) تین ● (B) چار (C) پانچ (D) تعداد مقرر نہیں

-20 " میرے چاند چپ ہو جا " وجہ جامع کی نشاندہی کیجئے
(A) چاند (B) بیٹا (C) خوبصورتی ● (D) آنسو

pakcity.org


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | |
|---|---|---|
| اُردو لازمی | 1st Annual 2024 گیارھویں کلاس | وقت : 2 گھنٹے 40 منٹ |
| گروپ : دوسرا | | کل نمبر : 80 |

حصہ انشائیہ

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر۔2 | (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+8=10 |
| | ہلالی خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا<br>جو خود قربان ہو کر، بھر گئے دامن نویدوں کا<br>حسینؓ ابن علیؓ کے اسوہ مردانہ کا پرچم<br>برائے شمع ملت، سوزشِ پروانہ کا پرچم | |
| | (ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+3+3+3=10 |
| | تا بہ کجا ہوں دراز، سلسلہ ہائے فریب ضبط کی لوگوں میں تاب، دیکھیے کب تک رہے<br>پردۂ اصلاح میں، کوششِ تخریب کا خلقِ خدا پر عذاب، دیکھیے کب تک رہے<br>حسرتِ آزاد پر، جورِ غلامانِ وقت<br>از رہِ بغض و عتاب، دیکھیے کب تک رہے | |
| سوال نمبر۔3 | سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+3+10=15 |
| | (الف) یہ شخص اپنے فرائض کے سوا جن کو وہ اپنے اوپر لازم سمجھتا تھا، درحقیقت کسی چیز سے تعلق نہ رکھتا تھا۔ باوجود وہ قطعی مایوسی کے جو اس کو مسلمانوں کی طرف سے تھی اور جس کو وہ اکثر پرائیویٹ صحبتوں میں نہایت افسوس کے ساتھ ظاہر کرتا تھا اس کی کوششیں اخیر دم تک برابر جاری رہیں۔ یہ اسی کی ہمت اور اسی کا حوصلہ تھا جو اس کی ذات پر ختم ہوگیا۔ | |
| | (ب) رشک آتا ہے کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزہ اور تھرل ململ کا کرتا پہن، قوام والا پان کلے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں " داستان امیر حمزہ " پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں۔ قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔ | |
| سوال نمبر۔4 | درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔<br>(الف) سفارش (ب) لاہور کا جغرافیہ | 9+1=10 |
| سوال نمبر۔5 | علامہ محمد اقبالؒ کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ | 5 |
| سوال نمبر۔6 | دو لڑکوں کے درمیان فیشن پرستی کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجئے۔<br>**یا**<br>کالج کے سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی رُوداد تحریر کیجئے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔7 | گم شدہ موٹر سائیکل کی ایف۔آئی۔آر (رپورٹ) درج کروانے کیلئے ایس۔ایچ۔او (تھانیدار) کے نام درخواست لکھیے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔8 | درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ | 2+8=10 |
| | " میر تقی میرؔ کے والد میر متقی تو حال مست صوفی تھے۔ اور میرؔ کا بچپن انھیں کے زیر سایہ گزرا۔ میر متقی کے انتقال کے بعد ان کے دوست میر امان اللہ جن کو میرؔ چچا کہتے تھے۔ میرؔ کے روحانی سرپرست ہوگئے۔ مختصر یہ کہ میرؔ کی تربیت انتہائی صوفیانہ ماحول میں ہوئی۔ اور اُن کی زندگی کے ابتدائی سال قلندروں اور درویشوں کی صحبت میں گزرے۔ یہ تو نہیں کہا جاسکتا۔ کہ اس صحبت کے نتیجہ میں میرؔ خود بھی صوفی ہوگئے تھے، رہے تو وہ شاعر ہی مگر ان کے شعری مزاج کی تشکیل میں تصوف کا بہت دخل رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں دنیا کی بے ثباتی، فکرِ آخرت اور دیگر صوفیانہ تصورات کا عکس واضح طور پر نظر آتا ہے۔" | |




Please visit for more Data at: www.pakcity.org
pakcity.org

| ☆ | Roll No.__________ |
|---|---|

HSSC(P-I)-A-2024

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

pakcity.org

(For All Sessions)

# اُردو (لازمی)(معروضی)

Marks: 20

(گروپ-I)

Time: 30 minutes

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

Note: Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. نواب محسن الملک کی ملاقات سر سید سے ہوئی:
(A) ۱۸۲۱ (B) ۱۸۲۵ (C) ۱۸۶۱ (D) ۱۸۸۱

2. قرطبہ میں مساجد کی تعداد تھی:
(A) تین ہزار آٹھ سو (B) آٹھ ہزار (C) ساٹھ ہزار (D) دو لاکھ ساٹھ ہزار

3. نصاب میں شامل احمد ندیم قاسمی کا افسانہ ہے:
(A) چراغ کی لو (B) اوورکوٹ (C) ادیب کی عزت (D) سفارش

4. علامہ اقبال نے اکبرالہ آبادی کے اشعار کس رسالے میں پڑھے:
(A) مخزن (B) نیرنگ خیال (C) زمانہ (D) ماہِ نو

5. سبق "دوستی کا پھل" کا ماخذ ہے:
(A) اُردو افسانے (B) پنجابی لوک داستانیں (C) عربی لوک داستانیں (D) کپاس کا پھول

6. اس چشمے کا پانی شہد کی طرح میٹھا ہے۔ اس جملے میں مشبہ بہ ہے:
(A) شہد (B) چشمہ (C) کی طرح (D) مٹھاس

7. ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے:
(A) دو (B) چار (C) تین (D) سات

8. مستعار لہ اور مستعار منہ کو کہتے ہیں:
(A) وجہ جامع (B) غرض تشبیہ (C) مشبہ (D) طرفین استعارہ

9. کسی شعر یا عبارت میں "چاہِ یوسف" کا ذکر آئے تو اسے کہیں گے:
(A) تلمیح (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) قافیہ

10. تلمیح کا لغوی معنی ہے:
(A) اشارہ کرنا (B) مشابہ قرار دینا (C) مستعار لینا (D) ملانا

11. قافیہ کے لفظی معنی ہیں:
(A) بار بار آنے والا (B) آگے آگے جانے والا (C) پیچھے آنے والا (D) سواری پر آنے والا

12. ردیف زبان کا لفظ ہے:
(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) اُردو

13. ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی یہ شعر مثال ہے:
(A) مقطع کی (B) مطلع کی (C) استعارہ کی (D) تشبیہ کی

14. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص بیان کرتا ہے، کہلاتا ہے:
(A) مقطع (B) مطلع (C) بیت (D) حسن مطلع

15. ہم آواز الفاظ کو کہا جاتا ہے:
(A) تشبیہ (B) قافیہ (C) ردیف (D) مطلع

16. ____ دہی میں چینی ڈالو۔
(A) کھٹی (B) کھٹا (C) کھٹے (D) کھٹیں

17. "راوی" لاہور کے قریب ____ ہے۔
(A) بہتی (B) بہتے (C) رہتی (D) بہتا

18. یہ اُردو ____ بہترین لغت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

19. کھیت میں صرف گھاس ____ ہے۔
(A) اُگے (B) اُگی (C) اُگا (D) اُگیں

20. زادِ راہ ختم ہو ____۔
(A) گئے (B) گئیں (C) گیا (D) گئی

801-11-A

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | |
|---|---|
| Roll No. ________ امیدوار خود پُر کرے | |

HSSC-(P-I)-A-2024
(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

pakcity.org

وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ
(گروپ-I)
نمبر 80

(حصہ اوّل)

2۔(الف) درج ذیل نظم اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

تُو مقصدِ تخلیق ہے، تُو حاصلِ ایماں
جو تجھ سے گریزاں وہ خدا سے ہے گریزاں
اشکوں سے ترے دین کی کھیتی ہوئی سیراب
فاقوں نے ترے دہر کو بخشا سرو ساماں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

نہ گنواؤ ناوکِ نیم کش، دلِ ریزہ ریزہ گنوا دیا
جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو، تنِ داغ داغ لٹا دیا
مرے چارہ گر کو نوید ہو، صفِ دشمناں کو خبر کرو
وہ جو قرض رکھتے تھے جان پر، وہ حساب آج چکا دیا
کرو کج جبیں پہ سرِ کفن، مرے قاتلوں کو گماں نہ ہو
کہ غرورِ عشق کا بانکپن، پسِ مرگ ہم نے بھلا دیا

3. سیاق و سباق کے حوالے سے ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) سرسید کو اپنے کنبے کے ساتھ حد سے زیادہ لگاؤ رہا ہے۔ بھائی کی موت کا صدمہ ان کو بیس برس نہیں بھولا۔ سنا ہے اُن کے عزیز اُن کے سامنے بھائی کا ذکر اس لیے نہیں کرتے ہیں کہ اُن کا داغ تازہ ہو جائے گا۔ بہت مدت کے بعد اُن کی بھتیجی کے منہ سے باپ کا کچھ ذکر نکل گیا تھا۔ سرسید کی حالت ایسی متغیر ہو گئی کہ گویا آج ہی بھائی کا انتقال ہوا ہے۔ اپنی والدہ کے ساتھ جیسی اُن کو وابستگی تھی ایسی بہت کم سُنی گئی ہے اور جیسی کہ وہ جوانی میں اطاعت و فرمانبرداری کرتے تھے اور اُن کے غصے اور خفگی کو برداشت کرتے تھے، اس طرح بچے بھی اپنے ماں باپ کا کہا نہیں مانتے۔

(ب) کہتے ہیں کسی زمانے میں لاہور کا حدود اربعہ بھی ہوا کرتا تھا لیکن طلبہ کی سہولت کے لئے میونسپلٹی نے اسے منسوخ کر دیا ہے۔ اب لاہور کے چاروں طرف لاہور ہی واقع ہے اور روز بروز واقع تر ہو رہا ہے۔ ماہرین کا اندازہ ہے کہ دس بیس سال کے اندر لاہور ایک صوبے کا نام ہو گا جس کا دارالخلافہ پنجاب ہو گا۔ یوں سمجھیے کہ لاہور ایک جسم ہے جس کے ہر حصے پر ورم نمودار ہو رہا ہے لیکن ہر ورم مواد فاسد سے بھرا ہے۔ گویا یہ توسیع ایک عارضہ ہے جو اس کے جسم کو لاحق ہے۔

(حصہ دوم)

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(الف) ابو القاسم زہراوی (ب) دوستی کا پھل

5. نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6. دو طالبعلموں کے درمیان "ڈینگی۔ ایک وبا" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

اپنے کالج میں منعقد ہونے والی "یوم دفاع" کی تقریب کی رُوداد تحریر کیجیے۔

7. پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان تجویز کیجیے۔ (10)

عربوں میں نسب دانی کا اس قدر اہتمام تھا کہ انسانوں سے گزر کر گھوڑوں کے نسب نامے بھی یاد رکھے جاتے تھے۔ یہ بھی یاد رکھا جاتا تھا کہ کون آزاد عورت کے بطن سے ہے اور کون باندی کے بطن سے، کون اعلیٰ قبیلے سے ہے اور کون ادنیٰ سے۔ عربوں کی حسب نسب کی پاسداری نے انہیں بے پناہ بہادری اور جرأت سے نواز دیا تھا۔ چنانچہ جس وقت ساری دُنیا قیصر و کسریٰ کی محکوم اور غلام بنی بیٹھی تھی اس وقت باوجود اپنی بے سروسامانی کے وہ کسی کے محکوم نہ تھے۔

802-11-A

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

11th Class Urdu Objective Paper Group 2 Rawalpindi Board 2024

☆☆☆☆ | Roll No.__________

**HSSC(P-I)-A-2024**

Paper Code | 6 | 0 | 2 | 8

pakcity.org

**(For All Sessions)**

# اُردو (لازمی) (معروضی)

Marks: 20

**(گروپ-II)**

Time: 30 minutes

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

Note: Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A,B,C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A,B,C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

1.1. ایسا شعر جو تنہا ہو کسی غزل یا نظم کا جزو نہ ہو اسے کہتے ہیں:
(A) فرد (B) پہلا شعر (C) مطلع (D) مقطع

2. تلمیح کی نشاندہی کیجیے:
(A) چاند چہرہ (B) کوہ پیما (C) ابنِ مریم (D) چاند جیسا

3. وہ مشترک صفت جو مستعار لہ اور مستعار منہ میں پائی جاتی ہے کہلاتی ہے:
(A) مستعار منہ (B) مستعار لہ (C) وجہ جامع (D) وجہ شبہ

4. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

5. کسی شخص کی خوبصورتی یا بہادری کو بیان کرنا کہلاتا ہے:
(A) غرض تشبیہ (B) حروف تشبیہ (C) مشبہ (D) استعارہ

6. طرفین استعارہ سے مراد ہے:
(A) مستعار لہ اور مستعار منہ (B) جہ جامع (C) غرض تشبیہ (D) مشبہ بہ

7. جس چیز کو تشبیہ دی جائے اسے کہتے ہیں:
(A) مشبہ بہ (B) مشبہ (C) غرض تشبیہ (D) وجہ تشبیہ

8. آج صحن میں جھاڑو نہیں _____ ہے۔
(A) پھیرے (B) پھیری (C) پھیرو (D) پھیریں

9. سرسید کی ظرافت اور خوش طبعی میں تصنع نہ _____۔
(A) تھا (B) تھی (C) تھے (D) تھیں

10. اخبار روز شائع _____ ہے۔
(A) ہوتی (B) ہوتیں (C) ہوتا (D) ہوتے

11. راستے میں ایک بک سٹال _____۔
(A) پڑا (B) پڑی (C) پڑے (D) پڑیں

12. رشک _____ کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں۔
(A) آتی ہے (B) آتا ہے (C) آتے ہیں (D) آتے ہے

13. ایک شخص میں اپنی مدد کرنے کا جوش اس کی سچی:
(A) تنزلی کی بنیاد ہے (B) شہرت کی بنیاد ہے (C) عزت کی بنیاد ہے (D) ترقی کی بنیاد ہے

14. علامہ اقبال کیسا درد محسوس کرتے تھے؟
(A) سر کا درد (B) پاؤں کا درد (C) پسلی کا درد (D) آنکھ کا درد

15. پطرس بخاری نے نصف دریا کو کہا ہے:
(A) نہر (B) راوی ضعیف (C) راوی قدیم (D) راوی بنجر

16. ہرگوپال تفتہ نے برائے اصلاح غالب کو کیا بھیجا تھا؟
(A) غزلیں (B) قصائد (C) مثنویاں (D) خطوط

17. علامہ اقبال گورداس پور والے حکیم کی دوا سے کیوں مطمئن تھے؟
(A) دوا خالص تھی (B) تشخیص عمدہ تھی (C) اخلاص تھا (D) ڈاکٹر تھے

18. اگر کسی غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو کہلائے گا:
(A) مطلع (B) مقطع (C) غزل کا آخری شعر (D) غزل کا پہلا شعر

19. ردیف لفظ ہے:
(A) فارسی زبان کا (B) ہندی زبان کا (C) عربی زبان کا (D) اردو زبان کا

20. ردیف کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں:
(A) ہر شعر میں (B) درمیان والے شعر میں (C) صرف پہلے شعر میں (D) آخری شعر میں

803-11-A



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

Roll No. ____________ امیدوار خود پُر کرے

HSSC-(P-I)-A-2024

(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ

نمبر 80

pakcity.org

(گروپ-II)

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے، وہ سبزہ زار
پھولوں پہ جابجا، وہ گہر ہائے آب دار
اُٹھنا وہ جُھوم جُھوم کے شاخوں کا بار بار
بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے
اجل مر رہی تُو، کہاں آتے آتے

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی مہربان آتے آتے

سنانے کے قابل جو تھی بات اُن کو
وہی رہ گئی درمیاں آتے آتے

3. سیاق وسباق کے حوالے سے ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لئے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ب) خود ہمارے ہاں ایسے ایسے لائق قیافہ شناس دال روٹی پر جی رہے ہیں جو ذرا سی بوٹی چکھ کے بکری کے چارے کا مفصل حال بتا سکتے ہیں۔ آپ نے سنا ہوگا کہ کھلی اور بھوسا کی خاصیت اور چوپایوں کی خصلت کے پیشِ نظر، بعض نفاست پسند والیانِ ریاست اس بات کا بڑا خیال رکھتے تھے کہ جن بھینسوں کے دودھ کی بالائی ان کے دسترخوان پر آئے، ان کو صبح و شام بادام اور پستے کھلائے جائیں تا کہ اس کا اصل ذائقہ اور مہک بدل جائے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس زمانے میں عمدہ دودھ کی خوبی یہ تھی کہ اسے پی کر کوئی یہ نہ کہ سکے کہ یہ دودھ ہے۔

(حصہ دوم)

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کریں اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(الف): ادیب کی عزت (ب): کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5. نظیر اکبرآبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6. دو سہیلیوں میں فیشن کے ہوش رُبا اخراجات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

یوم اقبال کی روداد تحریر کیجیے۔

7. صفائی کی خراب صورتحال سے آگاہ کرنے کے لئے چیئرمین بلدیہ کے نام درخواست تحریر کریں۔ (10)

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (8+2=10)

ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں دو قسم کی قومیں ہیں۔ ایک وہ جس نے اپنے باپ دادا کو درجۂ کمال تک پہنچا ہوا، نا قابلِ سہو وخطا سمجھ کر ان کے علوم وفنون اور طریقہ معاشرت کو کامل سمجھا اور اس کی پیروی پر جمی رہی اور اس کی بہتری اور ترقی پر اور نئی چیزوں کے اخذ و ایجاد پر کچھ کوشش نہیں کی۔ دوسری قسم نے کسی کو کامل نہیں سمجھا اور ہمیشہ ترقی میں نئے نئے علوم وفنون اور طریقۂ معاشرت کے ایجاد میں کوشش کرتی رہی۔ اب دیکھ لو کہ ان دونوں قوموں میں کیا فرق ہے۔ کون ترقی اور کون تنزل کی حالت میں ہے۔

804-11-A



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..........................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار ......................................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2023** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | علی سالار کی بیماری کی خبر سُن کر گھر میں پٹس پڑ ______ | گئے | گئی | گئیں | گیا |
| 2 | "رقیق القلبی" سے مراد ہے۔ | نرم دلی | غضب ناک | سخت دل | غصیلہ |
| 3 | "ادیب کی عزت" کا مرکزی کردار ہے۔ | سکینہ | قمر صاحب | رئیس | حافظ صمد |
| 4 | بمبئی سے ایک عرب عربی میں ترجمہ کرنا چاہتا تھا۔ | شکوہ کا | رموزِ بے خودی کا | اسرارِ خودی کا | جواب شکوہ کا |
| 5 | بیگم وجیہہ ہاشمی کا تعلق کس تنظیم سے تھا۔ | نیپکا | پیپلا | اپیکا | اپوا |
| 6 | تصریف کے مطابق دانت نکالنے کا آلہ ہے۔ | مقامع الاسنان | نشتر | محقن | تا ثاطیر |
| 7 | افق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ | مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف |
| 8 | مطلع کے دونوں مصرعوں میں ضروری ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | ردیف | قافیہ |
| 9 | دشت میں ہم مکالمہ ناصر۔ اپنی دیوانگی سے کرتے ہیں۔ یہ شعر غزل کا ہے | نقیب | مطلع ثانی | مقطع | مطلع |
| 10 | بر ارضِ فلسطین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>ہے خون سے رنگین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>اس میں قوافی ہیں۔ | ارض۔ خون | فلسطین۔ رنگین | ظلم ہوا ہے | خون۔ ظلم |
| 11 | ردیف کے الفاظ ہوتے ہیں۔ | ہم شکل | ہم آواز | مہمل | ترنم |
| 12 | حروف تشبیہ کا دوسرا نام ہے۔ | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ | اداتِ تشبیہ |
| 13 | مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔ | طرفین تشبیہ | حسنِ تشبیہ | مابین تشبیہ | قطبین تشبیہ |
| 14 | وجہ جامع رکن ہے۔ | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | علم بدیع کا |
| 15 | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ | چار | تین | پانچ | سات |
| 16 | لفظ تلمیح مشتق ہے۔ | لمحوں سے | لمحے سے | لمحات | لمح |
| 17 | جدید دور ______ بہترین بدرقہ گوگل ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 18 | میرے گھر ______ بنا مضبوط ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 19 | ہر شخص اپنے جسم ______ برہنگی پر نادم ہوتا ہے۔ | کے | کا | کی | کو |
| 20 | علی اردان نے آج شیو نہیں ______ | بنوائیں | بنوائے | بنوائی | بنوایا |



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا) (سیشن 25-2023 to 22-2020) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

pakcity.org

حصہ ---------------- اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

وہ دشت ، وہ نسیم کے جھونکے ، وہ سبزہ زار × پھولوں پہ جا بجا ، وہ گہرہائے آب دار

اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار × بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

رسمِ جفا کامیاب ، دیکھیے کب تک رہے × حُبِّ وطن مست خواب ، دیکھیے کب تک رہے

تا بہ کجا ہوں دراز ، سلسلہ ہائے فریب × ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے

پردۂ اصلاح میں ، کوششِ تخریب کا × خلقِ خدا پر عذاب ، دیکھیے کب تک رہے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہل دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔

(ب) میں ابھی تک علیل ہوں، گو پہلے کی نسبت بہت افاقہ ہے۔ دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ کامل صحت عطا فرمائے۔ حکیم اجمل خاں صاحب نے دہلی سے دوا بھیجی تھی مگر اس سے بھی کم فائدہ ہوا۔ کل گورداس پور سے ایک حکیم صاحب خود بخود تشریف لے آئے تھے۔ انھیں کسی سے میری علالت کا حال معلوم ہوا تھا۔ دوا دے گئے ہیں جس سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس دوا سے فائدہ ہو جائے گا کیوں کہ جن اجزا سے یہ مرکب ہے ان میں سے ایک اخلاص بھی ہے جو ان حکیم صاحب کو میرے مکان تک لے آیا۔

www.pakcity.org

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اپنی مدد آپ (ii) اوورکوٹ

5۔ سید محمد جعفری کی نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ استاد اور شاگرد کے مابین "مسئلہ فلسطین" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 10

............ یا ............ کالج میں منعقد ہونے والے مشاعرے کی روداد لکھیں۔

7۔ "عمرہ" کی ادائیگی کی رُخصت کے لیے پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

دنیا میں غریب بھی ہیں اور دولت مند بھی ہیں۔ دنیا میں غریب ہیں تو دنیا کا نظام چلانے میں معاونت ہو رہی ہے۔ غریب محنت مزدوری کرتے ہیں تو امیروں کا کام ہو جاتا ہے اور امیر محنت کا معاوضہ ادا کرتے ہیں، جس سے غریبوں کی ضرورت پوری ہوتی ہے۔ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو پرہیزگار، متقی اور نیک ہیں۔ جو دنیاوی جاہ وحشمت کی رغبت نہیں رکھتے۔ شب بیداری میں عبادت و ریاضت کرتے ہیں۔ ایسے متقی اور پرہیزگار اللہ والے دنیا کے لیے بہت بڑی نعمت ہیں اور دنیا قائم ہی اللہ والوں کی وجہ سے ہے، کیوں کہ اللہ کا وعدہ ہے کہ دنیا میں جب تک ایک بھی اس کا نام لیوا باقی ہوگا تو قیامت برپا نہیں کرے گا۔

1110 - 1124 - 40000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..............................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 2022** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی | بادشاہ ملے | غلام ہو | فیاض ملے | خضر ملے |
| 2 | سرسید کو ہمیشہ حد سے زیادہ لگاؤ رہا | اپنے کنبے سے | اپنی دولت سے | اپنے مال سے | اپنے ہم رتبہ لوگوں سے |
| 3 | عبدالرحمٰن الناصر فرماں روا تھا۔ | مصر کا | اندلس کا | بغداد کا | ایران کا |
| 4 | مدت گزری جب حضرت قمر نے ______ بنوائی تھی | ایک اچکن | ایک پتلون | ایک عمارت | ایک ٹوپی |
| 5 | میزبان کے اخلاص و ایثار کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ | کرسیوں کی تعداد سے | ٹھنڈے مشروب سے | مرغیوں کی تعداد سے | چائے اور کافی سے |
| 6 | قافیہ، لفظ بنا ہے ______ | قفا سے | اقواف سے | وقوف سے | وقفی سے |
| 7 | ردیف، کا لغوی معنی ہے۔ | ہم آواز الفاظ | گھڑسوار کے آگے بیٹھنے والا | گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا | ہم وزن الفاظ |
| 8 | مطلع پایا جاتا ہے۔ | غزل اور نظم میں | نظم اور قصیدہ میں | غزل اور قصیدہ میں | قصیدہ اور مرثیہ میں |
| 9 | شاعر کا قلمی نام کہلاتا ہے۔ | عرفیت | تخلص | لقب | خطاب |
| 10 | جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کہتے ہیں۔ | غیر منقوط غزل | غیر مردف غزل | غیر معروف غزل | آزاد غزل |
| 11 | ارکان تشبیہ کی تعداد ہے۔ | تین | چار | پانچ | تعداد مقرر نہیں |
| 12 | وجہ جامع، رکن ہے۔ | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | مطلع کا |
| 13 | "پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو"۔ استعارہ ہے | پلکوں سے | گر نہ جائیں | موتی | سنبھال لو |
| 14 | "ابن مریم" ہے۔ | استعارہ | تشبیہ | تلمیح | تخلص |
| 15 | "تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ"۔ تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔ | تیشہ | کوہکن | اسد | مر نہ سکا |
| 16 | کمرے میں میز ______ | پڑا ہے | رکھا ہے | پڑے ہیں | پڑی ہے |
| 17 | اس لفظ ______ املاء درست ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 18 | سڑک پر تارکول ______ | ڈالی گئی | رکھی گئی | ڈالے گئے | ڈالا گیا |
| 19 | سرسید نے دلی ہمیشہ کے لیے چھوڑ ______ | دیا | دیے | دی | دیں |
| 20 | اس نے مجھ پر کیچڑ ______ | اچھالا | اچھالے | اچھالی | اچھالیں |

1111 - 1124 - 35000 (1)

www.pakcity.org

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2020-22 to 2023-25) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

حصہ ---------------- اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب × فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا × تہذیب و تمدن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو × وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے × چمن اڑ گیا آندھیاں آتے آتے

نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہہ دو × کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمھاری زندگی کے لیے نمونہ، تمھاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لیے سامان، تمھارے ظلمت خانہ کے لیے ہدایت کا چراغ اور رہ نمائی کا نور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نورِ ایمانی کے ہر متلاشی کے لیے صرف حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی سیرت، ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) میرٹھ سے آ کر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے سے آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ میر انیس کی نظم "میدانِ کربلا میں صبح کا منظر" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 05

6۔ دو افراد کے درمیان مسئلہ فلسطین کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجئے۔ ....یا.... اِک نعتیہ مشاعرے کی رُوداد تحریر کیجئے 10

7۔ کمپیوٹر فروخت کی رسید تحریر کیجئے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 2+8=10

"خدمتِ خلق سے ہوس اور طبیعت کا بُخل کم ہوتا ہے۔ اخلاقی بیماریاں کم ہوتی ہیں۔ ایثار و قربانی سے ایسا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ جس میں فرد، دوسرے کے لیے سوچتا ہے۔ ذاتی مفادات کی قربانی کی طرف انسانی فطرت آسانی سے مائل نہیں ہوتی۔ اس نیکی کا اثر دوسرے پر پڑتا ہے۔ اور یہ ایسی فصل ہے جس کا فوری ثمر مل جاتا ہے۔ نیز اس سے ایسا رُوحانی کیف بھی میسر آتا ہے جسے خریدا نہیں جا سکتا"

1112 - 1124 - 35000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے ..................

اردو (لازمی)

پرچہ: II

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

وقت: 20 منٹ

نمبر: 20

گروپ: پہلا

معروضی – (iii)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال 1:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | کرکٹ ــــــ پسندیدہ کھیل ہے۔ | میری | میرے | میرا | میرا |
| -2 | غیر مردّف غزل میں قافیہ آتا ہے: | شعر کے شروع میں | صرف پہلے شعر میں | شعر کے آخر میں | کبھی بھی نہیں آتا |
| -3 | ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا اس میں ردیف ہے: | ہے کیا | ہوتا ہے | ہوتا ہے کیا | روتا، ہوتا |
| -4 | مقطع کے لغوی معنی ہیں: | کھیتی باڑی | آغاز | شروع ہوتا | کاٹنے کی جگہ |
| -5 | غزل میں آہنگ اور ترنم آتا ہے: | قافیہ سے | استعارہ سے | تضاد سے | مقطع سے |
| -6 | نیکی ــــــ راہ بہت کٹھن ہے۔ | کا | کی | کے | کو |
| -7 | مطلع پہلا شعر ہوتا ہے: | نظم اور غزل کا | غزل اور قصیدہ کا | غزل اور مرثیہ کا | غزل اور شہر آشوب کا |
| -8 | اس لڑکی ــــــ مزاج درست نہیں ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| -9 | مُرغ تعصب کی بنیاد پر خون کا پیاسا سمجھتے ہیں: | ہر انسان کو | ہر قصائی کو | ہر مسلمان کو | ہر دکان دار کو |
| -10 | طرفین تشبیہ ہیں: | مشبہ + حرف تشبیہ | مشبہ + وجہ تشبیہ | مشبہ + غرض تشبیہ | مشبہ + مشبہ بہ |
| -11 | یہ خوبی آدمی کو معزز اور قابل ادب بناتی ہے: | عمدہ روّیہ | عمدہ چال چلن | عمدہ کردار | عمدہ صلاحیت |
| -12 | "چراغ کی لَو" کی صنف ہے: | افسانہ | ناول | مضمون | سفرنامہ |
| -13 | "زمانہ" میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اشعار دیکھے: | نظیر اکبر آبادی کے | جگر مراد آبادی کے | داغ دہلوی کے | اکبر الٰہ آبادی کے |
| -14 | آپ کے جسم پر میل ــــــ ہے۔ | جمی ہوئی | جے ہوئی | جما ہوا | جمی ہوئیں |
| -15 | لاہور کے ہر مربع انچ میں موجود ہے: | سکول | پارک | انجمن | کالج |
| -16 | تلمیح لفظ ہے: | فارسی کا | ہندی کا | عربی کا | اُردو کا |
| -17 | پاکستان ــــــ عوام جمہوریت پسند ہے۔ | کا | کی | کے | کو |
| -18 | "وجہ جامع" رکن ہے: | تشبیہ کا | استعارہ کا | تلمیح کا | تضاد کا |
| -19 | تشبیہ کے لیے لازم ہے: | ہم آواز الفاظ | مشترک صفت | ہم معنی الفاظ | اُدھار لینا |
| -20 | "ابنِ مریم ہوا کرے کوئی" میں موجود ہے: | تلمیح | استعارہ | تضاد | مقطع |

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے..........

وقت: 2:40 گھنٹے

اُردو (لازمی) پرچہ: II گروپ: پہلا انشائی نمبر: 80

## حصہ دوم

سوال 2: (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 11: قطعات) 10 = 4 + 4 + 1 + 1

اے ساقیِ گل فام! برا ہو ترا تو نے باتوں میں لبھا کر ہمیں وہ جام پلایا
یہ حال ہے سو سال غلامی میں بسر کی اور ہوش ہمیں اب بھی مکمل نہیں آیا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے غزل 1: احمد ندیم قاسمی) 10 = 3 + 3 + 3 + 1

ایک نعمت بھی یہی، ایک قیامت بھی یہی روح کا جاگنا اور آنکھوں کا بینا ہونا
جو برائی تھی، مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو! کتنا برا تھا مرا اچھا ہونا
قعرِ دریا میں بھی آ نکلے گی سورج کی کرن مجھ کو آتا نہیں محروم تمنا ہونا

## (حصہ دوم)

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15 = 3+10+1+1

(الف) ''ولایت میں ''خطباتِ احمدیہ'' کے لکھنے میں انھوں نے ڈیڑھ برس برابر ایسی محنت شاقہ کی۔ جس سے آخر کار اُن کے پاؤں میں ایک مرض پیدا ہوگیا۔ جو اخیر دم تک زائل نہیں ہوا۔ جس زمانے میں سائنٹیفک سوسائٹی کا مکان بنوا رہے تھے۔ سخت گرمی کا موسم تھا۔ شام تک لُو چلتی تھی اور کچہری سے آ کر خس کی ٹٹی اور پنکھا چھوڑ کر سیدھے سوسائٹی پہنچتے تھے اور عصر اور مغرب کی نمازیں وہیں پڑھتے تھے''۔ (دیکھیے سبق نمبر 3: سرسید کے اخلاق و خصائل، اقتباس 2)

(ب) ''یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے، بقدرِ مقدور نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیا دے اور ٹکٹ لے۔ گھر برباد ہو جائے، آپ شہر میں آباد ہو جائے۔ آج تک یہ صورت ہے، دیکھیے شہر کے بسنے کی کون مہورت ہے؟ جو رہتے ہیں وہ بھی اخراج کیے جاتے ہیں۔ یا جو باہر پڑے ہوئے ہیں وہ شہر میں آتے ہی؟ الملک للّٰہ والحکم للّٰہ''۔ (دیکھیے سبق نمبر 9: مکتوباتِ غالب، اقتباس 1)

سوال 4: کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 9+1

(الف) اودر کوٹ (دیکھیے سبق نمبر 6) (ب) دوستی کا پھل (دیکھیے سبق نمبر 12)

سوال 5: نظم ''تسلیم و رضا'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 3) 5

سوال 6: دو طالب علموں کے مابین ''ماحولیاتی آلودگی'' کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10
اپنے کالج میں ٹریفک مسائل سے آگاہی کے سیمینار کی روداد لکھیے۔

سوال 7: کیمرہ کے فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

سوال 8: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 8 + 2

جب دل میں کسی بڑے مقصد کی خواہش ہو مگر اُس کے لیے صلاحیت نہ ہو تو ہم پریشان رہتے ہیں۔ سکون کے لیے ضروری ہے کہ یا تو خواہشیں کم کی جائیں یا صلاحیت بڑھائی جائے۔ ہر خواہش کی تکمیل کے لیے ایک عمل ہے۔ عمل نہ ہو تو خواہش محض خواب ہے۔ ہمیں جیسی زندگی کی طلب ہو ویسا عمل درکار ہے اور جیسی عاقبت چاہیے ویسا عمل کرنا ہوگا۔ دُنیا میں سربلندی محنت کرنے والوں کے لیے ہے اور آخرت میں سرفرازی نیکی والوں کے لیے۔

www.pakcity.org


Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

رولنمبر امیدوار خود لکھے ......................

اُردو (لازمی)

وقت: 20 منٹ

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

نمبر: 20

گروپ: دوسرا

معروضی - (ii)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال 1:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | اُردو پاکستان میں -------- ہے۔ | بولا جاتا | بولی جاتی | بولے جاتے | بولی جاتیں |
| -2 | "ادات تشبیہ" کہتے ہیں: | غرض تشبیہ کو | وجہ شبہ کو | طرفین تشبیہ کو | حروفِ تشبیہ کو |
| -3 | "طرفین استعارہ" کہتے ہیں: | وجہ جامع کو | مشبہ اور مشبہ بہ کو | مستعار لہٗ اور مستعار منہ کو | مُستعار کو |
| -4 | تلمیح لفظ ہے: | اُردو زبان کا | فارسی زبان کا | عبرانی زبان کا | عربی زبان کا |
| -5 | "آ رہی ہے چاہِ یُوسف سے صدا" یہ مصرع علم بدیع کی رُو سے ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | تجنیس |
| -6 | میں نے آج ------ اخبار نہیں پڑھا۔ | کی | کا | کے | کو |
| -7 | تشبیہ کی بنیاد -------- پر ہوتی ہے۔ | مجاز | حقیقت | ظاہریت | داخلیت |
| -8 | بچوں نے اودھم مچا ---------- | رکھا ہے | رکھے ہیں | رکھی ہے | رکھی ہیں |
| -9 | غالب "میرٹھ" میں رہے: | دو دن | تین دن | چار دن | پانچ دن |
| -10 | ردیف اصطلاح ہے: | نثری | افسانوی | سیاسی | شعری |
| -11 | سبق "اُسوۂ حسنہ" ماخوذ ہے: | خطباتِ مدراس سے | خطباتِ بہاول پور سے | خطباتِ لکھنو سے | خطباتِ لاہور سے |
| -12 | سرسید نے "خطباتِ احمدیہ" لکھی تھی: | چین میں | جاپان میں | امریکہ میں | ولایت میں |
| -13 | ابھمن کا باپ پیتا تھا: | بیڑی | شراب | چائے | سگریٹ |
| -14 | رضوان ------ املا درست ہے۔ | کی | کے | کا | کو |
| -15 | ڈاکٹر فضل الباری تھے: | وزیرِ خزانہ | وزیرِ صحت | وزیرِ خارجہ | وزیرِ تعلیم |
| -16 | ---- کے معنی ہیں پیچھے پیچھے آنے والا، پے در پے آنے والا۔ | ردیف | مطلع | مقطع | قافیہ |
| -17 | میں نے بائیسکل ------- ہے۔ | خریدا | خریدی | خریدیں | خریدے |
| -18 | ہم آواز ہونا | ہم آواز ہونا | ہم شکل ہونا | ہم مرتبہ ہونا | ہم ردیف ہونا |
| -19 | غزل کے جس شعر میں شاعر کا تخلص موجود ہو تو وہ مقطع کہلاتا ہے: | پہلا | دوسرا | تیسرا | آخری |
| -20 | شاعر کا "قلمی نام" کہلاتا ہے: | خطاب | لقب | کنیت | تخلص |

www.pakcity.org



Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

Sahiwal Board-G-2-2024

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

رول نمبر امیدوار خود لکھے ............ 　　　　　　　　　　وقت: 2:40 گھنٹے

اردو (لازمی) پرچہ: I　　گروپ: دوسرا　　**انشائی**　　کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 4: میدانِ کربلا میں صبح کا منظر) 1+1+4+4 = 10

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے، وہ سبزہ زار　　پھولوں پہ جا بجا، وہ گہر ہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا، بار بار　　بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل، ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے غزل 2: حیدر علی آتش) 1+3+3+3 = 10

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے　　ہم اور بلبلِ بے تاب، گفت گو کرتے
پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہُوا　　زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ　　کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(حصہ دوم)

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے، نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+10+3 = 15

(الف) اس جبلی مہر و محبت کا مقتضا تھا کہ وہ اپنے رفیقوں اور نوکروں اور لگے بندھوں کو تا بمقدور عمر بھر اپنے ساتھ نباہنا چاہتے تھے۔ جس شخص کے قدم ان کے ہاں جم گئے پھر نہ وہ اس کو اپنے پاس سے جدا کرنا چاہتے تھے اور نہ وہ ان سے جدا ہونا چاہتا تھا۔ اول تو وہ کسی کی شکایت سنتے نہ تھے اور اگر کوئی کسی ملازم کی کوئی شکایت کرتا تھا تو اس کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا۔ ان کے ایک قدیم ملازم کی لوگوں نے ان سے بار ہا شکایت کی مگر وہ کسی طرح ان کے دل سے نہ اترا۔ (دیکھیے سبق نمبر 3: سرسید کے اخلاق و خصائل، اقتباس 4)

(ب) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔ وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یو پی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔ اول الذکر اہلِ سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر اہلِ زبان کہلاتے ہیں۔ یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں یدِ طولیٰ رکھتے ہیں۔ (دیکھیے سبق نمبر 11: لاہور کا جغرافیہ، اقتباس 2)

سوال 4: کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+9 = 10

(الف) اوورکوٹ (دیکھیے سبق نمبر 6)　　(ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا (دیکھیے سبق نمبر 14)

سوال 5: اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 6) 5

سوال 6: ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

ایک طالب علم کا روزنامچہ تحریر کیجیے۔

سوال 7: پرانی کار فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

سوال 8: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8 = 10

خدمتِ خلق بڑی نیکی اور عبادت ہے۔ خدمتِ خلق کا جذبہ بڑی اہمیت کا حامل ہے اس لیے یہ جذبہ ہی درحقیقت کسی قوم کی کامرانی اور کامیابی کا ضامن ہے۔ یہ نہ ہو تو قوم تباہ و برباد ہو جائے جب قوم کے افراد میں نفسا نفسی کا عالم ہو اور وہ اپنا اپنا راگ اور اپنی اپنی ڈفلی کے اصولوں پر عمل کرنے لگیں۔ انہیں اپنے رشتہ داروں کی فکر نہ ہو، پڑوسیوں کا خیال نہ ہو، بیمار کی تیمارداری ان کے لیے ضروری نہ ہو تو ایسی قوم ہرگز ترقی نہیں کر سکتی۔ ترقی تو ایک بڑی بات ہے ایسی قوم کا زندہ رہنا ہی مشکل ہے۔ جس قوم نے اس جذبے کو اپنا لیا وہی ترقی کے راستے پر گامزن ہو سکتی ہے۔

www.pakcity.org

 Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org